نیا ایڈیشن

(صرف رجسٹرڈ معالجین کے لئے)

# ریکس امراض و علاج

REX (U&A) REMEDIES PVT. LTD,
DELHI & GREATER NOIDA

Scanned by CamScanner

(صرف حضرات معالجین کے لئے)

نیا ایڈیشن

# ریکس امراض و علاج

کامیابی کی راہ پر ایک اور قدم

REX

ہندوستان کی پہلی

جی۔ایم۔پی۔

سند یافتہ یونانی

دواساز کمپنی

## ریکس (یو اینڈ اے) ریمیڈیز پرائیویٹ لمیٹیڈ

(200 سے زائد اعلیٰ معیار کی یونانی دوائیں بنانے والا ایوارڈ یافتہ ادارہ)

**HEAD OFFICE:**
A-51/1,G.T. KARNAL ROAD INDL. AREA DELHI-110033
PH.: 27432093, 27118304, 27118306 FAX:27118302
WEBSITE:www.rexremedies.com/golinawabalishah.com
E-MAIL:rexremedies@hotmail.com

ریکس چیریٹیبل ٹرسٹ فلاحی کاموں میں مصروف ہے۔ آپ بھی ریکس کی دوائیں خرید کر اس کار خیر میں شریک رہیں۔

Shifa Medicine Centre
BAREILLY.
Phone No. 2587563

---

**ہر موسم میں ہر عمر کے افراد کیلئے نہایت فائدہ مند ٹانک**

# ریکسوٹون

## چستی پھرتی صحت و طاقت کا خزانہ

ریکسوٹون نہایت صحت بخش جڑی بوٹیوں اور مقوی اجزاء سے تیار کیا گیا ٹانک ہے، جسے جسم قدرتی طور پر ایک دم قبول کر لیتا ہے۔

Product of **G.M.P.** Certified Co




اس کے استعمال سے ہاضمہ درست رہتا ہے، بھوک میں اضافہ ہوتا ہے، کام کرنے کی نئی ہمت و حوصلہ پیدا کرتا ہے، بیماری کے بعد کی کمزوری کو دور کرتا ہے، دماغی محنت کرنے والوں و طلباء کے لئے نہایت مفید ہے، خونِ صالح پیدا کرتا ہے۔ حاملہ عورتوں و رحمِ مادر میں پلنے والے بچے و دودھ پلانے والی ماؤں کو غذا و طاقت فراہم کرتا ہے۔

No Side Effects 100% HERBAL

بچوں کی بہترین جسمانی و دماغی نشو و نما کر کے ان کو صحت مند و تندرست بناتا ہے۔

استعمال: بڑوں کیلئے 20ML و بچوں کیلئے 10ML ناشتہ سے پہلے اور شام کے کھانے سے پہلے۔

BAREILLY
Phone No. 2587563

آپ کے بچے کی صحت ........ آپ کے ہاتھ

اپنے جگر پاروں کو عام بیماریوں سے محفوظ، تندرست اور صحت مند رکھیے




پیدا ہوتے ہی بچوں کو استعمال کرائیے

ریکس جنم گھٹی

ریکس جنم گھٹی کے استعمال سے بچے عام بیماریوں جیسے نزلہ، زکام، کھانسی، موسمی بخار، بدہضمی، اپھارہ، دست و قے، دودھ ڈالنا وغیرہ سے محفوظ رہتے ہیں۔
بچے تندرست، صحت مند اور خوب رو بن جاتے ہیں۔
ماں کے دودھ یا پانی میں ملا کر صبح و شام پلائیں۔

ریکس گرائپ واٹر




بچوں میں کیلشیم کی کمی، دانت نکلنے کی تکالیف، دست، قے، اپھارہ، پیاس کی شدت اور بہت سے امراض میں مفید
خوش ذائقہ گھریلو دوا

بچوں کو مستقل استعمال کرائیں

ریکس بے بی ٹانک استعمال کرائیے

اور اپنے بچوں کو صحت مند بنائیے




ریکس بے بی ٹانک کیلشیم کی کمی، ہڈیوں کی کمزوری، جسمانی کمزوری، قبض، بدہضمی، دودھ ڈالنا میں مفید ہے نیز بھوک میں اضافہ اور دانتوں کے نکلنے میں مدد کرتا ہے۔

یاد رکھیے! روشن مستقبل کے لئے تندرستی بھی ضروری ہے



# فہرست مضامین

| امراض | صفحہ نمبر |
|---|---|
| پیش لفظ | ۱۱ |
| ضروری گذارش | ۱۹ |
| **امراض دماغ واعصاب** | |
| صداع شقیقہ وچکر آنا | ۲۰ |
| ضعف دماغ (دماغ کی کمزوری) | ۲۰ |
| بے خوابی (نیند نہ آنا) | ۲۲ |
| نسیان (بھولنا) | ۲۲ |
| سکتۃ الشمس (لو لگ جانا) | ۲۲ |
| سرسام (دماغی جھلیوں کا ورم) | ۲۳ |
| صرع (مرگی) | ۲۳ |
| جنون (پاگل پن) | ۲۴ |
| خدر (جسم کا سن ہو جانا) | ۲۴ |
| عرق النساء (لنگڑی کا درد) | ۲۴ |
| فالج، لقوہ ورعشہ | ۲۴ |
| **امراض چشم (آنکھوں کی بیماریاں)** | |
| ضعف بصارت (نگاہ کی کمزوری) | ۲۵ |
| جرب الاجفان، رمد وسلاق | |
| (پپوٹوں کی خارش، آنکھ دکھنا و گوہانجنی) | ۲۵ |
| **امراض اُذن (کان کی بیماریاں)** | |
| ورم اصل الاذن (کن پھیڑ) | ۲۶ |
| وجع الاذن (کان کا درد) | ۲۶ |
| بثور الاذن (کان کی پھنسیاں) | ۲۶ |
| حکۃ الاذن (کان کی کھجلی) | ۲۶ |
| سیلان الاذن (کان کا بہنا) | ۲۷ |
| ثقل سماعت (اونچا سننا) | ۲۷ |
| طنین ودوی (کان بجنا) | ۲۷ |
| **امراض انف (ناک کی بیماریاں)** | |
| عطاس (چھینکیں آنا) | ۲۷ |
| رعاف (نکسیر) | ۲۷ |
| نزلہ وزکام، وبائی (فلو) | ۲۸ |
| بدبو و کرم انف (ناک کی بدبو وکیڑے) | ۲۹ |
| **امراض الاسنان ولثہ** | |
| **(دانت اور مسوڑھوں کی بیماریاں)** | |
| وجع الاسنان (دانتوں کا درد) | ۲۹ |
| تقیح لثہ (مسوڑھوں سے مواد آنا) | ۳۰ |
| بدبوئے دہن (منہ سے بدبو آنا) | ۳۰ |
| قلاع (منہ آنا) | ۳۰ |

### امراض حلق وگلا


| | |
|---|---|
| عظم لہاۃ (کوے کا لٹک جانا) | ۳۰ |
| ورم لوزتین (گلے کے غدود کا ورم) | ۳۱ |
| ورم حنجرہ وبحۃ الصوت | ۳۱ |


### امراض صدر (سینے کی بیماریاں)


| | |
|---|---|
| سعال (کھانسی) | ۳۱ |
| ضیق النفس (سانس کا تنگی سے آنا) | ۳۱ |
| ذات الریہ وذات الجنب (نمونیہ پسلی کا درد) | ۳۲ |
| ڈبہ اطفال (بچوں کی پسلی چلنا) | ۳۲ |
| نفث الدم (خون تھوکنا) | ۳۲ |
| شہیقہ (کالی کھانسی) | ۳۳ |
| سل ودق | ۳۳ |


### امراض قلب (دل کی بیماریاں)


| | |
|---|---|
| ضعف قلب (دل کی کمزوری) | ۳۳ |
| اختلاج قلب (دل کا دھڑکنا) | ۳۵ |
| خفقان (گھبراہٹ) | ۳۵ |
| ضغط الدم قوی (ہائی بلڈ پریشر) | ۳۶ |
| ضغط الدم ضعیف (لو بلڈ پریشر) | ۳۶ |


### امراض معدہ (معدے کی بیماریاں)


| | |
|---|---|
| ضعف معدہ (معدے کی کمزوری) | ۳۶ |
| وجع المعدہ (معدے کا درد) | ۳۸ |
| بدہضمی ونفخ شکم (بدہضمی واپھارہ) | ۳۹ |
| فواق (ہچکی) | ۳۹ |
| غثیان (متلی وقے) | ۳۹ |
| ضعف اشتہا (بھوک کی کمی) | ۴۰ |


### امراض کبد ومرارہ (جگر وپتے کی بیماریاں)


| | |
|---|---|
| ورم وصلابت جگر (جگر کا ورم اور سختی) | ۴۰ |
| حرارت جگر (جگر کی گرمی) | ۴۱ |
| ورم وحصاۃ المرارہ (پتہ کا ورم وپتھری) | ۴۱ |


### امراض طحال (تلی کی بیماریاں)


| | |
|---|---|
| عظم طحال (تلی کی بیماریاں) | ۴۲ |
| استسقاء (جلندھر) | ۴۲ |
| فقر الدم (خون کی کمی) | ۴۲ |


### فربہی (موٹاپا)

### امراض امعاء (آنتوں کی بیماریاں)


| | |
|---|---|
| اسہال وزحیر (دست وپیچش) | ۴۳ |
| حصر (قبض) | ۴۴ |
| بواسیر وبھگندر | ۴۵ |
| دیدان امعا (پیٹ کے کیڑے) | ۴۵ |
| قولنج | ۴۵ |


### امراض بانقراس کلیہ ومثانہ (گردے ومثانے کی بیماریاں)


| | |
|---|---|
| حصاۃ الکلیہ ومثانہ (گردے ومثانے کی پتھری) | ۴۵ |
| ضعف گردہ ومثانہ (گردے ومثانے کی کمزوری) | ۴۸ |
| ذیابیطس غیر شکری (پیشاب کا زیادہ آنا) | ۴۹ |
| ذیابیطس شکری (پیشاب میں شکر آنا) | ۴۹ |





| | |
|---|---|
| حرقۃ البول واحتباس البول (پیشاب جلن سے آنا و مشکل سے آنا) | ۵۰ |
| بستر میں پیشاب نکل آنا | ۵۰ |
| سلسل البول (بے اراوہ قطرہ قطرہ پیشاب نکل آنا) | ۵۰ |
| بول زلالی (پیشاب میں البومن آنا) | ۵۰ |
| وجع الکلیہ (گردہ کا درد) | ۵۰ |
| بول الدم (پیشاب میں خون آنا) | ۵۰ |


### مردوں کے خاص امراض


| | |
|---|---|
| ضعف باہ (قوت مردانگی کی کمزوری) | ۵۰ |
| احتلام، جریان وسرعت | ۵۳ |
| عضو مخصوص کی لاغری، نرمی وکجی | ۵۸ |
| ورم انثیین (فوطوں کا ورم) | ۵۸ |
| حکۃ الصفن (فوطوں کی خارش) | ۵۸ |
| قلت منی | ۵۸ |


### عورتوں کی مخصوص بیماریاں


| | |
|---|---|
| سیلان وورم رحم (سفید رطوبت جانا ورحم کا ورم) | ۵۸ |
| ضعف رحم (بچہ دانی کی کمزوری) | ۶۰ |
| استقرار حمل | ۶۱ |
| کثرت الطمث (مہینے کا زیادہ آنا) | ۶۱ |
| عسر الطمث (مہینے کا تکلیف سے آنا) | ۶۱ |
| کشادگی (مہبل کا پھیل جانا) | ۶۲ |


### امراض مفاصل (جوڑوں کی بیماریاں)


| | |
|---|---|
| وجع المفاصل (جوڑوں کا درد) | ۶۲ |
| نقرس ودرد کمر | ۶۲ |


### امراض فساد خون (خون کی خرابی سے پیدا ہونے والی بیماریاں)


| | |
|---|---|
| پھنسی، زخم وخارش | ۶۳ |
| خنازیر (کنٹھ مالا) | ۶۴ |
| مہاسے | ۶۴ |
| بہق وبرص (چھیپ وسفید داغ) | ۶۴ |


### امراض خبیثہ (گندی جنسی بیماریاں)


| | |
|---|---|
| آبلہ فرنگ (آتشک) | ۶۴ |
| سوزاک (پیشاب کی نالی میں مواد پڑ جانا) | ۶۴ |


### امراض شعر (بالوں کی بیماریاں)


| | |
|---|---|
| بالوں کا گرنا وسفید ہونا | ۶۵ |
| بال خورہ (بالوں کا جگہ جگہ کی شکل میں غائب ہو جانا) | ۶۶ |
| بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا | ۶۶ |
| بخار وملیریا | ۶۶ |
| متلی وبخار | ۶۷ |
| موتی جھرا وخسرہ | ۶۷ |


### امراض اطفال (بچوں کے امراض)


| | |
|---|---|
| بدہضمی وقبض | ۶۷ |
| ام الصبیان | ۶۸ |
| عام جسمانی کمزوری | ۶۹ |
| ۲۳ عام گھریلو ادویات | ۷۰ |


Scanned by CamScanner

# فہرست ادویہ


دوا کا نام — صفحہ نمبر

**الف**

اطریفل اسطوخودوس ۲۰
اطریفل دیدان ۴۵
اطریفل زمانی ۲۰
اطریفل شاہترہ ۳۵
اطریفل کشمشی ۲۱
اطریفل کشنیزی ۲۰
اطریفل مقل ۳۵
اطریفل سنائی ۲۰
اطریفل ملین ۴۴
اکسیر جگر ۴۱
اکسیر گردہ ۴۰
اکسیر معدہ ۳۶

**ب**

برشعشا ۲۸
بنادق البزور ۳۸

**پ**

پایوریکس (پیٹنٹ دوا) ۳۰
پین ریکس (پیٹنٹ دوا) ۶۳

**ٹ**

ٹونسیریکس (پیٹنٹ دوا) ۳۰

**ج**

جوارش آملہ ۲۷
جوارش انارین ۳۷
جوارش رسباسہ ۳۹
جوارش جالینوس ۳۷
جوارش زنجبیل ۳۹
جوارش زرعونی عنبری نسخہ کلاں ۴۸
جواہر مہرہ ۴۳
جوارش شاہی ۴۳
جوارش تمر ہندی ۳۷
جوشاندہ رست جوشاندہ ۲۹
جوارش کمونی اکبر ۳۸
جوارش کمونی ۳۸
جوارش کمونی کبیر ۳۸
جوارش کمونی مسہل ۴۴
جوارش مصطگی ۴۳
جوارش عود شیریں ۳۸
جوہر خصیہ (پیٹنٹ دوا) ۵۱
جریانی (پیٹنٹ دوا) ۵۳

**ح**

حب اسگند ۴۴
حب ازراقی ۴۳
حب بخار ۶۶
حب بواسیر ۴۵
حب پپیتہ ۳۸
حب پچش خونی خاص ۴۳
حب رسوت ۴۵
حب تنکار ۳۹
حب جدوار ۵۶
حب جالینوس ۵۳
حب جواہر ۴۳
حب جریان ۵۳
حب سوزاک ۶۳
حب حلتیت ۳۸
حب حمل ۶۰
حب خاص (پیٹنٹ دوا) ۴۳
حب سماق ۴۳
حب سورنجان ۴۴
حب شفاء ۲۰
حب صرع ۴۳





حب ضیق النفس ۴۴
حب عنبر مومیائی ۵۱
حب کبد نوشادری ۴۱
حب مدر ۶۱
حب مروارید ۵۸
حب مصفی خون ۲۶
حب مقل ۴۵
حب ممسک ۵۷
حب مقوی ۵۱
حب نشاط ۵۱
حلوائے ثعلب ۵۴
حلوائے سپاری پاک ۶۱
حیاتمین (پیٹنٹ دوا) ۴۳

**خ**

خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا ۴۴
خمیرہ آبریشم سادہ ۳۵
خمیرہ آبریشم شیرہ عناب والا ۳۱
خمیرہ بنفشہ ۳۷
خمیرہ خشخاش ۲۸
خمیرہ صندل سادہ ۳۵
خمیرہ گاؤزبان سادہ ۴۱
خمیرہ گاؤزبان عنبری ۴۱
خمیرہ گاؤزبان عنبری
جدوار عود صلیب والا ۴۳
خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا ۴۱
خمیرہ مروارید ۴۳

**د**

دواء المسک بارد جواہر والی ۴۳
دواء المسک معتدل سادہ ۳۶
دواء المسک معتدل جواہر والی ۳۵
دواء الشفاء ۴۴

**ر**

روغن آملہ ۶۵
روغن ارنڈی ۴۵
روغن بیضہ مرغ ۶۵
روغن بابونہ ۶۲
روغن دارچینی ۲۹
روغن سرخ ۲۵
روغن زیتون ۴۱
روغن سورنجان ۴۴
روغن لونگ (قرنفل) ۲۹
روغن گل ۴۳
روغن کدو ۲۰
روغن کاہو ۲۰
روغن موم ۴۴
ریکس کی دماغی (پیٹنٹ دوا) ۲۱
ریکس جوشاندہ سیرپ ۲۸
ریکس سپاری پاؤڈر ۵۹
ریکس جنم گھٹی ۶۷
ریکس بے بی ٹانک ۶۷
ریکس روغن زرارنج ۶۶
ریکس گرائپ واٹر ۶۷
ریکس ہیلتھ ٹانک ۶۹
رفیق حیات ۷۰
ریکسوٹون ۶۸
روغن بادام شیریں ۲۱

**س**

سفوف اصل السوس ۵۶
سفوف اندری جلا ۵۰
سفوف برص ۶۴
سفوف بیج بند ۵۶
سفوف سیلان ۵۹
سفوف مقلیاثا ۴۳
سفوف مسہل ۴۳
سفوف نمک سلیمانی ۳۷
سکنجبین بزوری ۶۷
سکنجبین لیموئی ۶۷
سوزاکی (پیٹنٹ دوا) ۶۵

**ش**

شباب اعظم (پیٹنٹ دوا) ۵۱
شربت احمد شاہی ۴۳


Scanned by CamScanner

شربت آبریشم سادہ ۳۵
شربت ارزانی ۴۳
شربت اعجاز ۴۳
شربت انارشیریں ۴۲
شربت انگورشیریں ۳۵
شربت آلو بالو ۴۸
شربت انجبار ۶۱
شربت انجیر ۴۳
شربت بزوری بارد ۴۲
شربت بزوری حار ۴۲
شربت بزوری معتدل ۴۱
شربت بنفشہ ۲۸
شربت بہی ۳۵
شربت توت سیاہ ۳۱
شربت حب الآس ۴۳
شربت خس ۲۲
شربت دینار ۴۱
شربت زوفا سادہ ۳۲
شربت زوفا مرکب ۳۲
شربت صدر ۳۱
شربت صندل ۲۲
شربت عناب ۶۳
شربت اسطوخودوس ۲۳
شربت فولاد (پیٹنٹ) ۲۷
شربت کاسنی ۴۲
شربت کیوڑہ ۲۲
شربت مرکب مصفی خون ۶۳
شربت نیلوفر ۲۲
شربت وردمکرر ۴۸
شربت گلاب ۳۶
شکرینو (پیٹنٹ دوا) ۴۹

ع

عرق اجوائن ۲۲
عرق الائچی ۳۹
عرق بادیان ۳۷
عرق برنجاسف ۳۷
عرق پودینہ ۳۸
عرق راحت خاص ۶۵
عرق زچہ خاص ۵۹
عرق زیرہ ۴۳
عرق شاہترہ ۶۳
عرق عشبہ ۶۳
عرق کاسنی ۴۱
عرق گاؤزباں ۳۶
عرق گزرسادہ ۴۳
عرق گلاب ۳۶
عرق ماء اللحم خاص ۶۹
عرق مرکب مصفی خون ۶۳
عرق مندی ۶۳
عرق مکوہ ۴۱
عرق نیلوفر ۶۷
عرق کیوڑہ ۳۶

ف

فربہ (پیٹنٹ دوا) ۵۸

ق

قیروطی آردکرسنہ ۴۳
قرص رکشتہ بیضہ مرغ ۴۹
قرص رکشتہ حجرالیہود ۴۲
قرص رکشتہ خبث الحدید ۴۳
قرص رکشتہ زمرد ۴۹
قرص رکشتہ شنگرف ۵۲
قرص رکشتہ صدف ۵۶
قرص رکشتہ طلاء ۶۹
قرص رکشتہ عقیق ۳۵
قرص رکشتہ فولاد ۲۸
قرص رکشتہ قرن الایل ۳۲
قرص رکشتہ گئودنتی ۶۳
قرص رکشتہ قلعی ۵۶
قرص رکشتہ مرجان ۲۷
قرص رکشتہ مرجان جواہروالا ۲۳
قرص رکشتہ مروارید ۵۹
قرص رکشتہ شلث ۵۶





قرص رکشتہ نقرہ ۷۰
قرص کہربا ۴۳
قرص مالتی بسنت ۳۷
قرص ملین ۴۴
قرص سرطان ۴۳
قرص سیلان ۶۳
قرص ذیابیطس ۴۹

ک

کفوریکس (پیٹنٹ دوا) ۳۱

گ

گیسوور راز (ہیئر آئل) ۶۵
گیسوئل (سیرپ) ۳۹
گیسوئل (پلز) ۳۹
گولی نواب علی شاہ ۵۷

ل

لبوب کبیر ۴۸
لبوب صغیر ۵۲
لعوق بادام ۴۳
لعوق سپستاں ۳۱
لعوق سپستاں خیارشنبری ۳۲
لعوق کتاں ۳۲
لعوق معتدل ۲۸
لعوق نزلی ۲۹
لیکوریکس (پیٹنٹ دوا) ۵۹
لیووریکس (پیٹنٹ دوا) ۴۱

م

معجون آردخرما ۵۶
معجون اذراقی ۳۵
معجون اسپندسوختنی ۵۲
معجون انجدان خاص ۵۴
مرہم داخلیون ۵۸
معجون پیاز ۵۴
معجون ثعلب ۵۴
معجون جالینوس لولوی ۵۳
معجون جلالی ۵۳
معجون جوگراج گوگل ۲۵
معجون خدر ۲۴
معجون چوب چینی ۶۳
معجون حجرالیہود ۴۴
معجون جمال حجری علوی خانی ۶۰
معجون دبیدالورد ۴۱
معجون زنجبیل ۵۹
معجون سپاری پاک ۶۰
معجون سنگدانہ مرغ ۴۳
معجون سنگ سرماہی ۴۸
معجون سورنجان ۴۳
معجون عشبہ ۲۶
معجون عقرب ۴۸
معجون فلاسفہ ۴۰
معجون کندر ۴۹
معجون مغلظ ۵۷
معجون مغلظ جواہر ۵۷
معجون مقوی رحم ۶۱
معجون ممسک مقوی ۵۷
معجون موچرس ۶۰
معجون ماسک البول ۵۰
معجون ناتخواہ ۳۸
معجون نشارہ عاج والی ۶۱
معجون نجاح ۴۴
معجون صرع ۲۳
معجون سہاگ سونٹھ ۶۰
مصفی عجیب (پیٹنٹ دوا) ۲۶
مینسوریکس (پیٹنٹ دوا) ۶۱
میلورین (پیٹنٹ دوا) ۶۷

ن

نزلینا (پیٹنٹ دوا) ۲۹

و

ورموریکس (پیٹنٹ دوا) ۷۰

ہ

ہارٹوریکس (پیٹنٹ دوا) ۳۵
ہیئرٹون (ہیئر آئل) ۶۶


Scanned by CamScanner






# پیش لفظ

بلاشبہ طب یونانی ایک آفاقی طب ہے جو یونان، روم، عرب، ایران اور ہندوستان میں پروان چڑھی اور مؤخر کو اپنا مسکن بنالیا۔ اس سفر کے دوران ہر ملک کے ماہرین نے اس میں گراں قدر اضافے کیے۔ اس طب کو طب یونانی کہنے کا سبب یہ ہے کہ یونان (موجودہ گریک) وہ ملک ہے جہاں تاریخ کے ایک دور میں علم کو عروج حاصل ہوا اور تدوین علوم کا ایک سلسلہ شروع ہوا جس میں علم طب کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ ابوالطب بقراط نے اس علم کو منظم کیا اور اخلاط میں توازن یا عدم توازن کو صحت اور مرض کا سبب بتایا جو نظریہ اخلاط (Humoral Theory) کی بنیاد ہے۔ بعد کے مشہور اطباء جالینوس، زکریا رازی، شیخ الرئیس بوعلی سینا، ابن ارشد، ابوالقاسم زہراوی وغیرہ نے طبی علوم کے مختلف پہلوؤں پر بیش بہا علمی و عملی کارنامے پیش کیے۔ یونان، روم، عرب، ایران ہوتا ہوا یہ علم ہندوستان پہنچا اور یہاں کی مٹی اسکو اتنی راس آگئی کہ آج ہندوستانی طریقہ علاج کا ایک حصہ ہے اور صحتی مسائل کے حل میں قابل قدر خدمات انجام دے رہا ہے۔

طب یونانی کا ماننا ہے کہ ہر انسان کا ایک طبی مزاج ہوتا ہے اور جب اس مزاج میں تغیر ہوتا ہے تو بیماری حملہ آور ہوتی ہے۔ اسی طرح جسم انسانی کے چار اخلاط خون، بلغم، صفرا، سودا جب اپنا توازن بگاڑ بیٹھتے ہیں تو مرض پیدا ہوتا ہے جسم انسانی میں خود اصلاحی قوت مدبرہ بدن موجود ہے، جب یہ قوت کمزور ہو جاتی ہے تو بیماری کا سبب بنتی ہے۔ طبیعت کا کام مزاج کو اعتدال پر واپس لانا، اخلاط میں توازن پیدا کرتا اور سب سے بڑھ کر قوت مدبرہ بدن کی معاونت کرنا ہے جو صحتی تدابیر، غذا یا آب و ہوا کی تبدیلی یا دواؤں کے استعمال سے حاصل کیا جاتا ہے۔

بیماری کی تشخیص کے ذرائع میں نبض، بول و براز کا معائنہ اور عام علامات کا مطالعہ ہے پہلے مرض کی تشخیص ہے بعد میں اس کا علاج۔ اطباء قدیم نے علم طب کی تعریف میں لکھا ہے کہ "یہ ایک ایسا علم ہے جس میں انسان کے جسم کو صحت مند رکھنے کے اصول و قوانین بیان

Scanned by CamScanner

کئے گئے ہیں، اگر انسانی جسم صحت مند ہے تو اس کی حفاظت کی جائے اور اگر مرض پیدا ہو گیا ہے تو اس کے ازالے کی صورتیں اختیار کر کے اسے دوبارہ صحت مند بنانا بھی اس کا مقصد ہے۔"

طویل مدت کے تجربوں اور تحقیقات کی بدولت ہمارا ملک جڑی بوٹیوں کے ذریعے علاج کے علم کا بہت بڑا سرچشمہ اور مرکز بن چکا ہے۔ برصغیر میں یہ طریقہ علاج اپنی افادیت کی وجہ سے بہت مقبول ہے۔ ہمارے ملک میں عوام کی کثیر تعداد علاج کے سلسلے میں یونانی ادویہ پر بہت اعتقاد رکھتی ہے۔ آج بھی اطبائے کرام کو سماج میں ایک اہم مقام حاصل ہے اور عزت و احترام کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں۔ وہ انسان کے دکھ درد کے علاج کا سامان مہیا کرا کے اسے راحت پہنچاتے ہیں۔

# ریکس (یوانڈا ے) ریمیڈیز پرائیویٹ لمیٹیڈ دہلی

## آغاز

تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔ درود سلام ہو "حضرت محمد ﷺ" پر جو اللہ کے آخری نبی اور محسن انسانیت ہیں۔

"ریکس ریمیڈیز پرائیویٹ لمیٹیڈ دہلی" کا آغاز ۱۹۹۵ء میں کل چھبیس ۲۶ ر دوائیں بنانے سے ہوا تھا۔ جبکہ آج الحمدللہ "ریکس" ۲۵۰ ر سے بھی زائد اعلیٰ معیار کی دوائیں بناتی ہیں ان میں ۴۶ ر پیٹنٹ ادویات اور باقی "بیاض کبیر" کے نسخوں سے تیار دوائیں شامل ہیں جو سخت کوالٹی کنٹرول اور مسلسل تحقیقات کے بعد ہی عوام کے استعمال کے لیے بازار میں لائی جاتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج "ریکس" پورے "ہندوستان" میں نہایت مقبول اور معیاری دواساز ادارہ ہے۔



## کوالٹی کنٹرول

"ریکس" ہندوستان کی سب سے پہلی یونانی دواساز کمپنی ہے جسے حکومت ہند کی ڈائریکٹریٹ آف ISM نے G.M.P. سرٹیفائیڈ کمپنی قرار دیا ہے۔

## G.M.P. کیا ہے؟

انسانی صحت کے لیے دوائیں نہایت اہم ہیں اسی لیے دواؤں کا معیار یعنی کوالٹی کنٹرول کی طرف بھرپور توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

اس کی فکر سب سے پہلے امریکہ میں کی گئی اس لئے ۱۹۶۲ء میں وہاں کی حکومت نے اپنے دواساز اداروں کے لئے ایک جامع دواسازی کا طریقہ کار اور معیار مقرر کیا اور ان کو اس کا پابند کیا تا کہ صرف اچھی دوائیں ہی بازار میں دستیاب ہوں۔

اقوام متحدہ کے ادارہ W.H.O.(World Health Organisation) کی سنجیدہ کوششوں کی وجہ سے ستر کی دہائی میں اکثر ترقی یافتہ ممالک نے اپنے دواساز اداروں کو G.M.P. طریقہ کار کا پابند کر دیا۔

ہمارے ملک ہندوستان نے بھی ۱۹۸۸ء میں سب سے پہلے انگریزی دوائیں بنانے والے دواساز اداروں کو G.M.P. کا پابند کیا۔

اور "ریکس" کے قیام کے پورے پانچ سال بعد ۲۳ رجون ۲۰۰۰ء حکومت ہند کی ڈاریکٹریٹ آف ISM نے ایک نوٹیفکیشن جاری کر کے یونانی اور آیورویدک دواسازی کے طریقہ کار کو G.M.P. اسٹینڈرڈ کے مطابق کرنے کا حکم دیا تا کہ ملک اور بیرون ملک عوام کو معیاری یونانی و آیورویدک دوائیں مہیا کرائی جاسکیں اور گھٹیا دواؤں کو بند کیا جا سکے۔ مزید یہ کہ عالمی مارکیٹ میں پورے اعتماد کے ساتھ یونانی و آیورویدک ادویات کو بھی متعارف کرایا جا سکے۔

جہاں ایک طرف زیادہ تر دواساز اداروں نے حکومت کی اس مخلصانہ کوشش کی مخالفت کی تو وہیں "ریکس ریمیڈیز پرائیویٹ لمیٹیڈ دہلی" نے اس کا پرجوش خیر مقدم کیا اور حکومت کی اس

Scanned by CamScanner

کوشش کو سراہا جو وہ عوام کو بہترین کوالٹی کی خالص اور بہترین دوائیں فراہم کرنے کے لیے کررہی ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ریکس ریمیڈیز پہلے دن سے ہی اپنی فیکٹری، اپنے کام کرنے والے اور اپنی دواؤں کو مثالی اور معیاری بنانے کے لیے دن رات محنت کررہی تھی اسی لیے جب ۲۳ رجون ۲۰۰۰ء کو حکومت ہند نے یونانی دواساز اداروں کے لیے G.M.P. طریقۂ کار کو نافذ کیا تو سب سے پہلے "ریکس ریمیڈیز" نے نہ صرف اس کی مکمل معلومات حاصل کیں بلکہ اس فیلڈ کے ماہرین کی خدمات حاصل کیں اور اس کی ایک ایک شق اور ایک ایک اسٹینڈرڈ کو اپنے یہاں مکمل طور پر نافذ کیا حکومت ہند منسٹری آف ہیلتھ کے متعلقہ افسران نے فیکٹری کے اسٹینڈرڈ کو G.M.P. کے مطابق کئی بار چیک کیا اور جتنی کمیوں کی طرف انہوں نے توجہ دلائی ان تمام کمیوں کو پورا ہی نہیں بلکہ اس سے بہتر طور پر کیا اور آخرکار

G.M.P. Licensing Atuthority, Directorat of ISM

نے مکمل اطمینان کے بعد الحمدللہ ریکس ریمیڈیز کو G.M.P. سرٹیفکیٹ دیا۔

## G.M.P. کے تحت ریکس کی خصوصیات

ریکس ریمیڈیز دواؤں کے معیار کی بہتری کے لیے ہر ممکن کوشش کرتی ہے یہی وجہ ہے کہ وہ G.M.P. کے تحت موجودہ خصوصیات کی حامل ہے۔

G.M.P. کا سرٹیفکیٹ تبھی کسی دواساز کمپنی کو دیا جاتا ہے جب وہ دواسازی کے متعلق ضروریات کو G.M.P. میں بتائے گئے اسٹینڈرڈ کے مطابق پورا کرلے اگر ان میں سے کوئی ایک شرط بھی پوری نہیں ہوگی تو اس کو یہ سرٹیفکیٹ نہیں دیا جاسکتا۔

### آج ریکس ریمیڈیز کی

۱۔ فیکٹری کا جائے وقوع حکومت ہند سے منظور شدہ انڈسٹریل ایریے میں صاف ستھری جگہ پر واقع ہے۔ فیکٹری میں ہر قسم کے کام کے لیے اس کی ضرورت کے مطابق معقول اور صاف ستھری جگہ دستیاب ہے۔



۲۔ دواسازی کے لیے بہترین مشینوں اور بہترین طریقۂ کار کا استعمال نہایت صفائی ستھرائی سے کیا جاتا ہے۔

۳۔ ہر کام کرنے والا شخص اپنے فن میں تعلیمی اور فنی اعتبار سے لائق ہے، نہایت صاف ستھرا اور صحت مند ہے، اچھا لباس زیب تن کرتا ہے، بیماری کی حالت میں کام کرنے کی ہرگز اجازت نہیں ہے۔

۴۔ کمپنی کے ہر حصے کو صاف ستھرا رکھنے کا معقول انتظام ہے خاص طور پر جس حصے میں دوائیں بنائی جاتی ہیں، کام کی جگہ پر معقول روشنی اور ہوا کا انتظام ہے پوری فیکٹری کی زمین، دیواریں اور چھت نہایت عمدہ اور صاف میٹریل سے بنی ہوئی ہیں، صاف پانی کا انتظام ہے اور خراب پانی کے باہر نکلنے کا معقول نظام ہے۔

۵۔ کچا مال یعنی دوائیں بنانے میں کام آنے والی اشیاء اور جڑی بوٹیاں صرف بہترین کوالٹی کی ہی خریدی جاتی ہیں اور ان کی ٹیسٹنگ کی جاتی ہے کہ ان کی افادیت برقرار ہے کہ نہیں۔ خراب مال کو فوراً واپس کیا جاتا ہے، قبول کئے ہوئے مال کو صاف ستھرا کر کے معقول طریقے سے اسٹور کیا جاتا ہے اور اس کی کوالٹی کی مکمل تصدیق ہونے کے بعد ہی دوائیں بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

### ۶۔ کچے مال اور تیار مال کی ٹیسٹنگ کے لئے نہایت جدید لیبارٹری کمپنی میں قائم کی گئی ہے۔

۷۔ کچے مال یا دواؤں کی صفائی، کٹائی اور چھنائی اور بنانے کے ہر ہر مرحلے پر اس کی صفائی اور کام کرنے والے کی صفائی پر خاص توجہ دی جاتی ہے، ایک نسخے کا سامان دوسرے نسخے میں نہ مل جائے اس کا مکمل خیال رکھا جاتا ہے، فائنل بنے ہوئے مال کو اس کی رنگت، بو اور ذائقے میں مکمل کیا جاتا ہے اور اس کے بالکل درست ہونے کی تصدیق کے بعد ہی بھرائی کے لیے بھیجا جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

۸۔ بھرائی میں آنے کے بعد سب سے پہلے یہ چیک کیا جاتا ہے کہ جس ڈبے میں دوا بھری جائے گی وہ نہایت عمدہ اور بے ضرر میٹریل سے تیار کیا گیا ہے، صاف ستھرا ہے، نہایت صفائی سے اس کی بھرائی اور وزن کیا جاتا ہے۔ سخت انتظامات کے ساتھ اس پر لیبل اور بیچ نمبر لگایا جاتا ہے اور اس میں غلطی کے تمام امکانات کو ختم کر دیا جاتا ہے۔

۹۔ مال تیار اور چیک ہونے کے بعد نہایت سلیقے سے اسٹور کیا جاتا ہے۔

۱۰۔ ہر چیز کے فیکٹری میں آنے سے لے کر اس کے تیار ہونے اور باہر جانے تک کے تمام مراحل کا ریکارڈ بنایا اور رکھا جاتا ہے۔

۱۱۔ دواء کی خرابی کے سلسلے میں آنے والی شکایات کی فوراً تحقیق کی جاتی ہے اور شکایات کا ازالہ کیا جاتا ہے نیز خراب مال کو مارکیٹ سے واپس لیا جاتا ہے اور اس کا مکمل ریکارڈ بھی رکھا جاتا ہے۔

یعنی ریکس کا مقصد ہے کہ کوئی بھی دوا بازار میں عوام کے پہنچنے سے پہلے طے شدہ اسٹینڈرڈ کے مطابق تیار ہونے اور سخت کوالٹی چیکنگ کے بعد ہی عوام کے ہاتھ میں استعمال کے لئے آنی چاہیے تاکہ عوام کو کسی بھی نقصان سے محفوظ رکھا جا سکے۔

الحمد للہ "ریکس ریمیڈیز پرائیویٹ لمیٹیڈ دہلی" ہندوستان کا سب سے پہلا یونانی دواساز ادارہ ہے جو عالمی .G.M.P معیار کے مطابق ہی اپنی دوائیں تیار کر کے بازار میں دستیاب کرا رہا ہے۔

"ریکس ریمیڈیز" نے پچھلے سات سالوں میں پورے ہندوستان میں جو غیر معمولی ترقی کی ہے وہ خود اس بات کا سرٹیفکیٹ ہے کہ "ریکس" کی دواؤں میں الحمد للہ زبردست افادیت کوالٹی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ طبیب اور مریض دونوں "ریکس" کی دواؤں کو دوسری کمپنیوں کی دواؤں پر فوقیت دیتے ہیں۔ ہم بجا طور پر فخر کے ساتھ یہ کہہ سکتے ہیں کہ

**Rex Is The Best**

ریکس کی دواؤں کا معیار ہندوستان کے کسی بھی دواخانہ کے مقابلے میں بہتر ہی نہیں بلکہ اعلیٰ ترین ہے۔



# ریکس کو ملنے والے گراں قدر ایوارڈ

"ریکس ریمیڈیز" کو مختلف مواقع پر مختلف اداروں اور افراد کے ذریعے بہت سے ایوارڈ حاصل ہوئے ہیں جن میں سے کچھ نہایت ہی اہم اور قابل ذکر ہیں

۱۔ حکومت ہند کی ڈائریکٹریٹ آف ISM سے ملنے والا سب سے پہلا اور سب سے زیادہ باوقار سرٹیفکیٹ **G.M.P Certificate**

۲۔ صدر جمہوریہ ہند جناب شنکر دیال شرما کے ہاتھوں ملنے والا

**بہترین دواسازی کا حکیم اجمل خاں ایوارڈ**

۳۔ دہلی کے اس وقت کے وزیر اعلیٰ اور موجودہ منسٹر جناب صاحب سنگھ ورما کے ہاتھوں ملنے والا **معیاری دواؤں کا ایوارڈ**

۴۔ وزیر شہری ہوابازی جناب سید شاہنواز حسین صاحب کے ہاتھوں

**بیسٹ مارکیٹنگ کے لیے دیا گیا ایوارڈ**

۵۔ ملک کے مختلف حصوں میں نہایت بااثر افراد و اداروں کے ذریعے، مختلف پروگراموں، رسائل اور اخبارات میں "ریکس" کی معیاری دواؤں کو سراہا گیا ہے۔

۶۔ سب سے زیادہ قابل قدر سرٹیفکیٹ تو ہمیں ملک کے حکیم و ڈاکٹر حضرات، عوام اور یونانی دوافروشوں نے ہماری دواؤں کو استعمال کر کے دیا ہے۔

# ریکس ریمیڈیز چیری ٹیبل ٹرسٹ

"ریکس ریمیڈیز پرائیویٹ لمیٹیڈ دہلی" صرف ایک خالص کاروباری ادارہ نہیں بلکہ بے حد عظیم مقاصد کے حصول کے لیے قائم کیا گیا ہے۔

۱۔ بہترین دواؤں کے ذریعے انسانیت کی بھلائی۔

۲۔ ملک اور اس کی عوام کی معاشی ترقی۔

۳۔ ملک و عوام کے کمزور افراد اور اداروں کی مدد۔

Scanned by CamScanner

اسی جذبے کے تحت "ریکس ریمیڈیز" نے **ریکس ریمیڈیز چیری ٹیبل ٹرسٹ** قائم کیا ہے۔ تاکہ دواؤں کی فروخت سے ہونے والے منافع کو انسانیت کی بھلائی کے لیے استعمال کیا جاسکے نہ کہ صرف اپنے مفاد کے لیے۔

"**ریکس ریمیڈیز چیری ٹیبل ٹرسٹ**" کے تحت ہم مختلف فلاحی کام کرنے والے افراد اور ادارے خصوصاً طب یونانی سے متعلق افراد اور اداروں کے کاموں پر خرچ کرتے ہیں اس کے علاوہ ملک کی عوام پر آنے والی ناگہانی آفات جیسے زلزلہ، سیلاب اور فساد وغیرہ کے متاثرین کی مدد کرتے ہیں۔

"**ریکس ریمیڈیز چیری ٹیبل ٹرسٹ**" حکومت سے رجسٹرڈ ایک فلاحی ادارہ ہے جس میں کوئی بھی شخص یا ادارہ انسانیت کی بھلائی کے لیے اپنا تعاون پیش کرسکتا ہے۔

ریکس کی دوائیں خرید کر آپ خود بخود اس کار خیر میں شامل ہو جاتے ہیں کیوں کہ آپ کی خریدی گئی دواؤں کے منافع سے ہی یہ فلاحی کام انجام دئے جاتے ہیں۔

**لہٰذا ریکس کی دوائیں خرید کر اس کار خیر میں زیادہ سے زیادہ حصہ لیں**

## رابطہ

اپنی کسی بھی شکایت یا مشورے کے لیے یا مزید معلومات کے لیے بلا جھجک ہم سے بذریعہ فیکس، ای میل، خط یا فون سے رابطہ قائم کریں۔ مزید تفصیلات کے لیے ہماری مندرجہ ذیل ویب سائٹس وزٹ کریں۔

www.rexremedies.com

www.golinawabalishah.com www.braintonic.info

امراض وعلاج سے متعلق بے حد معلوماتی کتاب جو اردو، ہندی، انگریزی اور بنگلہ میں دستیاب ہے مفت میں حاصل کرنے کیلئے ہماری مقامی ایجنسی، دکان دار یا ہم سے رابطہ قائم کریں۔

من جانب

رابطہ عامہ سیل

ریکس (یوانڈ اے) ریمیڈیز پرائیویٹ لمیٹڈ دہلی



# ضروری گذارش

فن طب یونانی کے حاملین، اطبائے کرام، قدر دانوں، مخلصین، ہمدردان اور کرم فرماؤں سے گذارش ہے کہ ہمارے اعلیٰ ترین معیاری ادویہ کو ملک و بیرون ملک کے کونے کونے تک پہنچانے میں تعاون فرمائیں اور ادارے کو اپنے مفید مشوروں اور تجربات سے نوازتے رہیں جو دواسازی کے فن کو بلند مقام پر لے جانے میں معاون اور مددگار ثابت ہوں۔

موجودہ فہرست ادویہ میں روزمرہ مطب سے تعلق رکھنے والی مختصر معلومات اکھٹا کی گئی ہیں اور ادویہ کے مواقع استعمال ومقدار خوراک بالغ آدمی کے حساب سے متعین کی گئی ہیں، پھر بھی معالجین حضرات سے گذارش ہے کہ ادویات کے استعمال میں جہاں تک معلومات و تجربہ ہو ادویات کی تجویز فرمائیں بصورت دیگر نقصان ہونے کا احتمال رہتا ہے جس کی وجہ سے عظیم فن طب یونانی کی ناموس پر دھبہ آسکتا ہے۔

مثال کے طور پر فہرست ادویہ میں سرسام، تپ دق، سل، حصاۃ المرارہ، امراض قلب وغیرہ جیسے مہلک امراض کی ادویات مذکور ہیں۔ لیکن یہ ادویات صرف وہ ہیں جو ہمارے یہاں دستیاب ہیں۔ ان ادویات کے علاوہ مکمل و تفصیلی علاج اور دیگر ادویات متعلقہ یونانی کتابوں میں مرقوم ہیں۔ فہرست ادویہ سے استفادہ کرنے والے حضرات کہیں ایسے مہلک امراض میں کلیتہً شافی علاج سمجھ کر ان ادویات کو استعمال نہ کریں۔ کیوں کہ فہرست ادویہ میں کسی بھی دواء کو انفرادی طور سے لکھا گیا ہے نہ کہ مکمل علاج۔

معالجین حضرات مذکورہ مہلک امراض کے علاج میں اپنا ذاتی تجربہ ومہارت رکھتے ہیں اور ایسے مریضوں کا شافی علاج کر چکے ہیں تو وہ ضرور ان امراض کا علاج مذکورہ ادویات سے کرسکتے ہیں۔ احتیاطاً یہ سطور واقفیت کے لیے تحریر کردی ہیں پھر بھی حتی المقدور نشہ آور اور زہری ادویات کو بچوں میں استعمال کرنے سے کے لیے گریز کریں۔

ادارہ

Scanned by CamScanner

## امراض دماغ و اعصاب

**DISEASES OF BRAIN & NERVES**

### صداع، شقیقہ و دوران رأس

(سر درد، آدھے سر کا درد و چکر آنا)

**HEADACHE MIGRAINE AND VERTIGO**

**اطریفل سنائی**

پرانے سر درد، آدھا سیسی کا درد، چکر آنا وغیرہ میں مفید ہے۔ قبض کو بھی دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک رات کو سوتے وقت دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

**اطریفل زمانی**

معدے اور آنتوں کی فضلات سے صفائی کر دیتا ہے اور معدے سے پیدا ہونے والے ردی بخارات کی پیدائش روکتا ہے۔ آنتوں کی حرکت دودیہ کو تیز کر کے قبض دور کرتا ہے، دماغ کا تنقیہ کرتا اور آنکھیں دکھنے کی اس حالت میں نفع کرتا ہے، جس کا سبب دماغ کا سوداوی مادہ ہو۔ قولنج اور مالیخولیا میں بھی ایک حد تک نفع بخش ہے۔

**ترکیب استعمال:** دس پندرہ سال کی عمر والوں کو ۳ گرام، اس سے بڑی عمر والوں کو ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک رات کو سوتے وقت تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

**اطریفل کشنیزی**

درد سر، آنکھیں دکھنا، معدے کی تبخیر وغیرہ میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک رات کو سوتے وقت پانی سے استعمال کریں۔

**اطریفل ملین**

پرانے درد سر اور امراض دماغی میں مفید ہے۔ قبض کشا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام رات کو سوتے وقت پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

**حب شفاء**

درد سر کو رفع کرتی ہے اور پرانے بخار کو فائدہ دیتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح پانی سے خالی پیٹ کھلائیں۔

**روغن کدو**

گرمی سے پیدا ہونے والے درد سر کو دور کرتا ہے، دماغ کی خشکی کو دور کر کے ٹھنڈک پیدا کرتا اور نیند لاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** سر اور پیشانی پر لگائیں اور ناک کان میں بھی ایک دو قطرے ڈالیں۔

**روغن کاہو**

گرمی سے پیدا شدہ درد سر کو دور کرتا ہے، دماغ کی خشکی کو دور کر کے ٹھنڈک پیدا کرتا اور نیند لاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** سر اور پیشانی پر لگائیں اور ناک کان میں بھی قطرے ڈالیں۔

### ضعف دماغ (دماغ کی کمزوری)

**BRAIN ATONY**

**اطریفل اسطو خودوس**

دماغ اور معدے کو فضلات سے پاک کرتا ہے، دماغ کو قوت دیتا ہے، اگر مناسب عرصے تک



پابندی سے استعمال میں رکھا جائے تو بالوں کی سیاہی بھی قائم رکھتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی سے استعمال کیا جائے۔

**اطریفل کشمشی**

مقوی دماغ و مقوی معدہ ہے۔ گرمی سے پیدا ہونے والی سرعت، رقت اور جریان کی شکایت میں مفید ہے۔ قبض کی شکایت کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ سے ۱۰ گرام تک سوتے وقت نیم گرم پانی سے استعمال کریں۔

**خمیرہ گاؤ زبان سادہ**

دماغ کو طاقت دیتا ہے اور بینائی کے لیے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک یہ خمیرہ صبح نہار منہ کھائیں۔

**روغن بادام شیریں**

دماغ کو طاقت دیتا ہے اور اس میں تراوٹ پیدا کرتا ہے۔ نیند لاتا ہے۔ اندرونی طور پر استعمال کرنے سے قبض کو دور کرتا ہے اور بدن میں قوت و حرارت پیدا کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ ملی لیٹر سے ۱۰ ملی لیٹر تک سر پر لگائیں، ناک اور کان میں ٹپکائیں۔ قبض کو دور کرنے کے لیے مقررہ مقدار میں ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ میں ملا کر پئیں۔

**خمیرہ گاؤ زبان عنبری**

دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے، گھبراہٹ اور پریشانی کو دور کرتا ہے۔ آنکھوں کو طاقت دیتا ہے۔ ذہن اور حافظہ کو تیز کرتا ہے۔ دماغی کام کرنے والوں کے لئے اس کا روزانہ استعمال مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام یہ خمیرہ صبح نہار منہ یا وقت ضرورت استعمال کرائیں۔

**خمیرہ گاؤ زبان عنبری جواہر والا**

دل کو قوت دیتا ہے، دماغ کے حسی اور حرکی رقبات نیز دماغ کے خاکی مادے (کارٹیکس) کو قوت پہنچاتا ہے۔ ذہن اور حافظہ کی کمزوری دور کرتا ہے۔ اگر دماغ کی کمزوری کی وجہ سے ہر وقت درد سر رہنے لگے یا بار بار نزلہ و زکام ہو جاتا ہو، سونگھنے اور سننے کی قوتوں میں خرابی پیدا ہو گئی ہو تو اس خمیرہ کے استعمال سے یہ سب شکایتیں دور ہو جاتی ہیں۔ اعصاب کو قوت دے کر عام کمزوری کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۴ گرام صبح سویرے نہار منہ یا وقت ضرورت کھائیں، بچوں کو ۳ گرام استعمال کرائیں۔

**ریکس کی دماغی** (پیٹنٹ دوا)

آنولہ، بادام، کاجو، برہمی بوٹی، کھجور جیسی بارہ جڑی بوٹیوں اور میووں سے تیار، دماغ و نگاہ کو طاقت پہنچا کر قوت حافظہ، یادداشت کو تیز کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ہر صبح ناشتہ میں ۲۰ گرام یا چائے کے دو چمچے۔

Scanned by CamScanner

## بے خوابی (نیند نہ آنا)

**INSOMNIA**

### خمیرہ خشخاش

نزلہ اور زکام کو روکتا ہے، نزلہ کی کھانسی کو دور کرتا ہے۔ نیز اچھی نیند لاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ رگرام یہ خمیرہ صبح یا رات کو سوتے وقت کھائیں۔

## نسیان (بھولنا)

**AMNESIA**

### قرص / کشتہ مرجان جواہر

دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ دماغ کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ قوت حافظہ بڑھاتا ہے۔ ضعف دماغ کی وجہ سے رہنے والے دردِ سر اور نزلہ زکام میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳۰ تا ۶۰ رملی گرام یا دو قرص خمیرہ گاؤزبان عنبری ۵ رگرام کے ساتھ صبح وشام استعمال کریں۔

### ریکس کی دماغی (پیٹنٹ دوا)

آنولہ، بادام، کاجو، برہمی بوٹی، کھجور جیسی بارہ جڑی بوٹیوں اور میووں سے تیار، دماغ ونگاہ کو طاقت پہنچا کر قوت حافظہ یادداشت کو تیز کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ہر صبح ناشتہ میں ۲۰ رگرام یا چائے کے دو چمچے۔

### شربت اسطوخودوس

نسیان اور اختلاج میں مفید ہے۔ بلغمی اور سوداوی مادوں کو آسانی سے نکالتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۴۰ ملی لٹر معالج کے مشورے سے یہ شربت عرق گاؤزباں ۱۲۰ ملی لٹر میں ملا کر پلائیں۔

## سکتۃ الشمس (لولگ جانا)

**SUN STROKE**

### شربت انار شیریں

پیاس کو بجھاتا ہے، دل اور جگر کو قوت دیتا ہے، خون اور دستوں کو روکنے اور دل کو فرحت پہنچانے کیلئے اچھی چیز ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ رملی لیٹر یہ شربت تھوڑے سے پانی میں ملا کر پییں۔

### شربت خس

مفرح قلب ہے، گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ سے ۵۰ ملی لیٹر شربت پانی میں گھول کر شربت بنا کر پییں۔

### شربت صندل

دل کو قوت دیتا ہے، اعلیٰ درجہ کا مفرح ہے، دردِ سر جو گرمی کی وجہ سے ہو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰ رملی لیٹر یہ شربت پانی میں ملا کر پییں۔

### شربت کیوڑہ

دل کو قوت دیتا ہے۔ پیاس کی تسکین اور دل و دماغ کی فرحت کے لئے بہترین چیز ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰ رملی لیٹر یہ شربت ٹھنڈے پانی میں ملا کر پییں۔



### شربت نیلو فر

صفرا کے غلبے کو دور کرتا ہے، حرارت کو تسکین دیتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے، تقویت قلب کے لئے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰ رملی لیٹر شربت پانی میں ملا کر پییں۔

## سرسام (دماغی جھلیوں کا ورم)

**MENINGITIS**

### خمیرہ مروارید

یہ سچے موتیوں کا قیمتی مرکب ہے، نہایت عمدہ مفرح ہے، مرکز حرارت کو اعتدال پر لاتا ہے۔ دل کی حرکت کے فعل کو درست کر کے خفقان اور گھبراہٹ میں تسکین دیتا ہے۔ موتی جھرہ اور چیچک کے بخار میں دل کو قوت اور حرارت غریزی کی حفاظت کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** بچوں کو ان کی عمر کے مطابق ایک گرام سے لے کر ۳ رگرام تک اور بڑی عمروں والوں کو ۶ رگرام صبح اور شام پانی سے یا جیسے معالج ہدایت کرے استعمال کیا جائے۔

### دواء المسک بارد جواھر والی

دل اور دماغ کو تقویت دیتی ہے، ضعف معدہ کو دور کرتی ہے۔ مقوی اعصاب ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ رگرام صبح کو نہار منہ کھائیں۔

### روغن گل

سرسام میں مفید ہے، محلل اورام، اور مسکن حرارت ہے۔ گرمی سے پیدا ہونے والے دردِ سر میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ رملی لیٹر تا ۲۰ رملی لیٹر یہ تیل عرق گلاب اور سرکہ میں ملا کر کپڑا یا روئی میں تر کر کے بار بار سر پر رکھیں۔

## صرع (مرگی)

**EPILEPSY**

### حب صرع

مرگی و ام الصبیان کی کامیاب دوا ہے۔ مرگی کے دوروں کی شدت کو رفتہ رفتہ کم کر کے مرض کا ازالہ کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱ تا ۲ رگولیاں صبح وشام خمیرہ گاؤزبان عنبری جدوار عود صلیب والا ۵ گرام کے ساتھ استعمال کرائیں۔ بچوں کو ۱ تا ۲ رگولی ماں کے دودھ میں گھس کر پلائیں۔

### معجون صرع

مرگی کے لیے مفید ہے، ہضم کو تقویت پہونچاتی ہے اور معدہ و دماغ کی رطوبت فاسدہ کو کم کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** بڑوں کو ۵ رگرام اور بچوں کو ۳ رگرام عرق بادیان کے ہمراہ صبح وشام استعمال کرائیں۔

### خمیرہ گاؤزبان عنبری جدوار عود صلیب والا

اختناق الرحم، فالج، لقوہ، رعشہ، مرگی وغیرہ میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ خمیرہ صبح تازہ پانی یا عرق گاؤزباں کے ساتھ استعمال کرائیں۔

Scanned by CamScanner

## جنون (پاگل پن)
**MANIA**

### دواء الشفاً
پاگل پن کی مشہور دوا ہے، اس کے علاوہ مرگی، ہسٹریا (اختناق الرحم) میں بھی فائدہ دیتی ہے۔ نیند لاتی ہے اور خون کے بڑھے ہوئے دباؤ (ہائی بلڈ پریشر) کو فائدہ دیتی۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

### شربت احمد شاہی
مالیخولیا کے لئے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر یہ شربت عرق گاؤزبان ۱۲۵ ملی لیٹر پانی میں ملا کر پئیں۔

### معجون نجاح
مالیخولیا وغیرہ، سوداوی بیماریوں میں یہ معجون بہت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک یہ معجون رات کو پانی سے استعمال کریں۔

## خدر (جسم کا سن ہونا)
**NEURITIS, BERI BERI**

### معجون خدر
خدر (سن بہری) کے لئے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ معجون صبح یا صبح و شام دونوں وقت کھا کر اوپر سے پانی پی لیں۔

## عرق النساء (لنگڑی کا درد)
**SCIATICA**

### حب اسگند
جوڑوں اور کمر کے درد کے لیے، نیز بلغمی اور ریاحی امراض میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲-۲ گولی صبح و شام استعمال کریں۔

### حب سورنجان
جوڑوں کے درد، گنٹھیا اور عرق النسا میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گولیاں رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔ اگر دست زیادہ آنے لگیں تو گولیوں کی تعداد کم کر دیں۔

## فالج، لقوہ و رعشہ
**PARALYSIS, FACIAL PARALYSIS & CHOREA**

### حب اذراقی
مقوی و محرک اعصاب ہیں۔ فالج، لقوہ و اعصابی دردوں میں مفید ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو گولی صبح و شام پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

### روغن موم
فالج، لقوہ اور اعصابی درد کے لیے مفید ہے۔ نمونیا پسلی اور جوڑوں کے درد کو آرام پہنچاتا ہے۔ زخم اور جلے ہوئے مقام پر لگانے سے آرام ملتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** مالش کے لئے نیم گرم، زخم اور جلے ہوئے مقام پر ٹھنڈا استعمال کریں۔



### روغن سرخ
چوٹ کے درد میں فوراً نفع پہنچاتا ہے۔ پٹھوں کی کمزوری کو دور کرتا ہے، فالج اور لقوے میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** نیم گرم مالش کریں، ٹھنڈے پانی اور سرد ہوا سے بچیں۔

### روغن سورنجان
فالج، لقوہ، عرق النساء اور کمر کے درد میں مفید ہے۔ چوٹ کا درد بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** بقدر ضرورت گرم کر کے درد کے مقام پر مالش کریں۔

### معجون اذراقی
فالج، لقوہ، رعشہ اور اختلاج معدہ کے لیے مفید ہے، اعصاب کو بے انتہا قوت پہنچاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳-۵ گرام تک یہ معجون صبح ناشتہ کے بعد یا کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے استعمال کریں۔

### معجون جوگراج گوگل
فالج، لقوہ اور رعشہ وغیرہ عصبی و دماغی امراض میں مفید ہے، نظام اعصاب (نروس سسٹم) پر اچھا اثر کرتی ہے۔ جوڑوں کے درد اور آتشک میں بھی فائدہ کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ معجون صبح یا رات کو تازہ پانی یا مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کی جائے۔

### معجون چوب چینی
جوڑوں کے درد کے لیے جس کا سبب آتشک ہو نہایت مفید ہے مصفی خون ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح یا رات کو پانی سے کھائیں۔

## امراض چشم (آنکھوں کی بیماریاں)
**DISEASES OF EYES**

## ضعف بصارت (نگاہ کی کمزوری)
**WEAKNESS OF EYE SIGHT**

### خمیرہ آبریشم سادہ
آنکھوں کی روشنی کو قائم رکھتا ہے، دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ مالیخولیا اور خفقان میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ خمیرہ صبح سویرے نہار منہ پانی یا دودھ سے استعمال کرائیں۔

نوٹ:۔ مذکورہ ادویہ کے علاوہ اطریفل کشنیزی اور خمیرہ گاؤزباں سادہ بھی استعمال کئے جاتے ہیں۔

(جن کا بیان صداع اور ضعف دماغ میں موجود ہے)

## جرب الاجفان، رمد و سلاق
## (پپوٹوں کی خارش، آنکھیں دکھنا اور گوہانجنی)
**BLEPHARITIS, CONJUNCTIVITIES & STYE**

### اطریفل شاہترہ
حرارت کے غلبہ اور جوشِ خون سے آشوب کرنے والی آنکھوں کی تکلیف سرخی و کھٹک اور بے قراری میں نفع دیتا ہے۔ فساد خون اور خارش وغیرہ امراض کے لیے مفید ہے۔ آتشک کی گرمی دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

Scanned by CamScanner

**اطریفل سنائی**

پرانے سر درد، آدھا سیسی کا درد، چکر آنا وغیرہ میں مفید ہے۔ قبض کو بھی دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک رات کو سوتے وقت دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

## امراض اذن (کان کی بیماریاں)

**DISEASES OF THE EAR**

### ورم اصل الاذن (کن پھیڑ)

**MUMPS**

اطریفل شاہترہ، مصفی عجیب اور روغن سرخ استعمال کئے جاسکتے ہیں۔

### وجع الاذن (کان کا درد)

**OTALGIA**

**رفیق حیات (پیٹنٹ دوا)**

کان کے درد کے لیے اکسیر ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو یا چار قطرے سرسوں کے تیل میں ملا کر نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔

### بثور الاذن (کان کی پھنسیاں)

**ULCERATION OF THE EAR**

**مصفی عجیب (پیٹنٹ دوا)**

خون کی خرابی کی وجہ سے یا موسم کی تبدیلی کے وقت ہونے والے مہاسے، پھوڑے پھنسیاں، گرمی دانے، خارش، نکسیر پھوٹنا، دائمی قبض، خسرہ، پیشاب میں جلن اور طبیعت گری گری رہنا جیسی تکلیفوں میں مصفی عجیب ایک مفید دوا ہے۔

**ترکیب استعمال:** بڑوں کے لیے ۱۰ ملی لیٹر صبح و شام ایک کپ نیم گرم پانی میں ملا کر پلائیں۔ بچوں کو ان کی عمر کے مطابق چوتھائی سے آدھی خوراک تک دی جائے۔

**حب مصفی خون**

خون کی صفائی کے لیے بے حد مفید ہے۔ پھوڑے پھنسیوں کو فائدہ کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲-۲ گولیاں صبح و شام پانی سے کھائیں۔

**معجون عشبہ**

مصفی خون ہے، گٹھیا، جذام، آتشک اور فساد خون سے پیدا ہونے والی بیماریوں میں فائدہ پہنچاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ معجون پانی کے ساتھ کھائیں۔

نوٹ:- اطریفل شاہترہ کا استعمال بھی مفید ہے۔

### حکۃ الاذن (کان کی کھجلی)

**ITCHING OF THE EAR**

**اطریفل شاہترہ**

حرارت کے غلبہ اور جوشِ خون سے آشوب کرنے والی آنکھوں کی تکلیف سرخی وکھٹک اور بے قراری میں نفع دیتا ہے۔ فساد خون اور خارش وغیرہ امراض کے لیے مفید ہے۔ آتشک کی گرمی دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔



### سیلان الاذن (کان بہنا)

**OTORRHOEA**

امراض فساد خون کے تحت بیان کردہ ادویات دی جاسکتی ہیں۔

### ثقل سماعت (اونچا سننا)

**DEAFNESS**

اطریفل کشنیزی، خمیرہ گاؤ زباں کا استعمال کیا جا سکتا ہے جن کا ذکر پچھلے صفحات میں موجود ہے۔

### طنین ودوی (کان بجنا)

**TINNITUS**

اطریفل کشنیزی، اطریفل زمانی، اطریفل ملین، خمیرہ گاؤ زباں عنبری اس بیماری میں مفید ہیں جن کا ذکر پچھلے صفحات میں تفصیل سے کیا جاچکا ہے۔

## امراض انف (ناک کی بیماریاں)

**DISEASES OF NOSE**

### عطاس (چھینکیں آنا)

**SNEEZING**

**خمیرہ بنفشہ**

قبض کشا ہے، ہر قسم کے بخاروں، نزلہ، زکام، کھانسی، دمہ اور سینے کے دوسرے امراض میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام سے ۲۰ گرام تک یہ خمیرہ عرق بادیان ۱۲۵ ملی لیٹر یا پانی میں ملا کر پییں۔

**قرص / کشتہ مرجان**

دل اور معدہ کو قوت دیتا ہے، نزلہ، زکام اور کھانسی میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی گرام یا دو قرص ۱۰ گرام خمیرہ گاؤزبان سادہ یا مناسب ادویہ کے ساتھ ملا کر کھائیں۔

**کفوریکس (پیٹنٹ دوا)**

ایک قابل اعتماد کھانسی کا شربت ہے، جو خشک کھانسی، بلغمی کھانسی اور کالی کھانسی میں مفید ہے، سانس کی نالیوں اور اس کی اندرونی جھلیوں کے ورم کو دور کرتا ہے۔ انفلوئنزا نزلہ زکام، قبض اور ہلکے بخار میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** بڑے ۱۰-۱۰ ملی لیٹر اور بچے ۵-۵ ملی لیٹر صبح اور شام گرم پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

### رعاف (نکسیر)

**EPISTAXIS**

**جوارش آملہ**

دل و دماغ اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ صفراوی دستوں کو روکتی وجگر کی حرارت کو کم کرتی ہے تبخیر اور اختلاج میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح کو عرق گاؤزبان ۳۰ ملی لیٹر یا پانی میں استعمال کریں۔

**شربت فولاد**

عام جسمانی کمزوری دور کرنے کے لیے بیحد مفید ہے۔ کچھ بیماریوں کی وجہ سے خون میں پتلا پن اور سرخی میں کمی آجاتی ہے۔ جس کی وجہ سے خون میں فولاد کے ایک جز حمرۃ الدم (ہیموگلوبن) کی کمی ہوتی ہے۔ اس شربت کے استعمال سے حمرۃ الدم

Scanned by CamScanner

کی کمی دور ہو کر خون میں سرخی اور گاڑھا پن پیدا ہوتا ہے۔ چہرے کو سرخ بناتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ تا ۱۰ ملی لیٹر شربت، کھانے کے بعد استعمال کریں۔

**قرص / کشتہ فولاد**

ہر قسم کے ضعف و ناتوانی کی بہترین دوا ہے، خون کی کمی دور کرتا ہے، اور خون کے سرخ ذرات بڑھاتا ہے، بھوک کی کمی اور چہرے کی زردی کو دور کرتا ہے، مقوی باہ ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳۰ سے ۶۰ ملی گرام یا دو قرص ۵ گرام جوارش جالینوس میں ملا کر کھائیں۔

## نزلہ و زکام وبائی (فلو)

**FLU**

**برشعشا**

دائمی نزلہ، زکام کھانسی، نسیان، فالج اور ضعف اعصاب، قولنج کے درد اور تمام عصبی دردوں میں مفید ہے، مالیخولیا کے لئے بھی نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:** دس سال سے پندرہ سال تک کی عمر والوں کو (۳ گرین) پندرہ سال سے زیادہ عمر والوں کو (۶ گرین) سے ایک گرام تک، نزلہ زکام کی حالت میں اس کی ایک خوراک خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا میں ملا کر قولنج نیز معدہ اور آنتوں کے شدید درد میں سونف کے عرق کے ساتھ یا نیم گرم پانی سے استعمال کیا جائے۔

**خمیرہ خشخاش**

نزلہ اور زکام کو روکتا ہے، نزلہ کی کھانسی کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام یہ خمیرہ صبح یا رات کو سوتے وقت کھائیں۔

**ریکس جوشاندہ سیرپ** (پیٹنٹ دوا)

ریکس جوشاندہ سیرپ طب یونانی کے صدیوں پرانے و آزمودہ نسخہ کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔ یہ مشہور و کارآمد جڑی بوٹیوں کا سیرپ ہے جو نزلہ، زکام، کھانسی، گلے کی خراش اور درد سر میں انتہائی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰۰ ملی لیٹر گرم پانی میں ۱۰ ملی لیٹر ریکس جوشاندہ سیرپ ملا کر ناشتہ سے قبل اور رات کو سوتے وقت استعمال کرائیں۔ بچوں کو عمر کے مطابق آدھی خوراک یا اس سے کم مقدار میں استعمال کرائیں۔

**شربت بنفشہ**

بخار، کھانسی، نزلہ، زکام اور سینہ کی بیماریوں کے لئے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر یہ شربت پانی میں ملا کر پئیں۔

**شربت صدر**

پھیپھڑوں کی خرابی اور پرانی و شدید کھانسی کے لیے مفید ہے۔ دمہ کی حالت میں استعمال کرنے سے دمہ کے دورے کو جلد روک دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰۔۱۰ ملی لیٹر دن میں دو یا تین بار استعمال کریں۔

**لعوق معتدل**

نزلہ، زکام کھانسی کو فائدہ دیتا ہے۔ نزلہ حار میں بھی مفید ہے۔



**ترکیب استعمال:** ۱۰۔۱۰ گرام یہ لعوق صبح وشام چاٹیں۔

**لعوق نزلی**

نزلہ میں ہونے والی کھانسی میں فائدہ کرتا ہے اور نزلہ میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰۔۱۰ گرام یہ لعوق صبح و شام چاٹیں۔

**نزلینا** (پیٹنٹ دوا)

نزلہ کے جراثیم کی سرایت کی وجہ سے ناک کی غشاء مخاطی حساس و متورم ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے ناک بند ہونا، چھینکیں آنا، ناک سے اور آنکھوں سے پانی بہنا، سر میں درد و حرارت اور گلے میں خراش کی شکایت ہو جاتی ہے۔ نزلینا کے استعمال سے ان تمام شکایات میں خاطر خواہ فائدہ ہوتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۔۱ گولی صبح وشام خمیرہ گاؤزبان سادہ ۶۔۶ گرام کیساتھ گرم پانی سے استعمال کرائیں۔

**جوشاندہ / ست جوشاندہ**

مفرد دواؤں کا ایک قدیم نسخہ ہے۔ جو دو ہزار سال سے کامیابی کے ساتھ استعمال ہوتے آرہے ہیں۔ یہ کھانسی، نزلہ، زکام، گلے کی خراش اور نزلی بخار میں مفید ہے۔ ہر وقت اور ہر موسم میں سب کے لئے یکساں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** دوا کے ساتھ ہے۔

(مذکورہ ادویات کے علاوہ اطریفل اسطوخودوس خمیرہ بنفشہ، کشتہ مرجان جواہر والا، لعوق سپستاں اور لعوق سپستاں خیار شنبری استعمال کر سکتے ہیں)

## بدبو و کرم انف

(ناک کی بدبو اور کیڑے)

**OZENA**

**رفیق حیات** (پیٹنٹ دوا)

ناک کی جھلی کے ورم خواہ وہ نزلہ کی وجہ سے ہو یا حساسیت کی وجہ سے، دور کرتا ہے اور پرانے نزلہ میں بدبو وغیرہ آنے میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۔۲ قطرے تھوڑے روغن گل میں ملا کر ناک میں ٹپکائیں۔

## امراض الاسنان واللثہ

(دانتوں اور مسوڑھوں کی بیماریاں)

**DISEASES OF THE TEETH & GUMS**

### وجع الاسنان (دانتوں کا درد)

**TOOTHACHE**

**روغن دار چینی**

دانت اور ڈاڑھ کے درد میں مفید ہے۔ اس کے علاوہ بھڑ بچھو وغیرہ زہریلے جانوروں کی کاٹی ہوئی جگہ پر لگانے سے درد و جلن کو فوراً دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** روئی کی پھریری روغن میں بھگو کر ڈاڑھ یا دانت پر رکھیں اور کاٹی ہوئی جگہ پر ایک دو قطرے لگائیں۔

**روغن قرنفل (لونگ)**

داڑھ اور دانت کے درد کو تسکین دیتا اور درد سر کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** روئی کی پھریری تر کر کے داڑھ پر رکھیں۔ درد سر میں پیشانی پر مالش کریں۔

Scanned by CamScanner

**رفیق حیات** (پیٹنٹ دوا)
داڑھ و دانت کے درد کو دور کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** روئی کی پھریری تر کر کے دانت پر رکھیں۔
(مذکورہ ادویات کے علاوہ اطریفل شاہترہ اور معفی مجیب کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔)

## قیح لثہ (مسوڑھوں سے مواد آنا)
**PYORRHOEA**

**پایوریکس (منجن)** (پیٹنٹ دوا)
مرض پائیریا کے لیے ریکس کی تیار کردہ خاص دوا ہے جو اس مرض کو جڑ سے مٹاتی دانتوں کو خوب صورت بناتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** دوا کے ساتھ معفی مجیب، اطریفل شاہترہ اور معجون عشبہ مستعمل ہیں جن کی تفصیل پچھلے صفحات میں مذکور ہے۔

## بدبوئے دہن (منہ سے بدبو آنا)
**BAD BREATH**

جوارش جالینوس، جوارش بسباسہ، معجون فلاسفہ کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔

## قلاع (منہ آنا)
**THRUSH**

داخلی طور سے جوارش آملہ اور کشتہ فولاد استعمال کیا جا سکتا ہے اور ٹونسیریکس کا ایک چمچہ ایک گلاس پانی میں ملا کر غرارے کر سکتے ہیں۔

# امراض حلق وگلا
**DISEASES OF THE PHARYNX AND THROAT**

## عظم لہاۃ (کوے کا لٹک جانا)
**INFLAMMATION OF UVLA**

**ٹونسیریکس** (پیٹنٹ دوا)
گلے کی بیماریوں جیسے خارش، خراش، معمولی زخم گلے کا آنا، غدود کا بڑھنا، گلے کی سوجن وغیرہ تکلیف کے لیے ٹونسیریکس ایک قابل اعتماد دوا ہے۔
**ترکیب استعمال:** دن میں دو یا تین بار روئی کی پھریری سے یہ دوا گلے کے اندر متاثرہ حصہ پر لگائیں یا ایک گلاس نیم گرم پانی میں آدھا چمچہ یہ دوا ملا کر اس سے غرارے کریں۔ مرض اگر زیادہ بڑھ گیا ہو تو دوا استعمال کرنے سے پہلے ایک گلاس نیم گرم پانی میں ۵ گرام نمک گھول کر غرارے کریں۔
**پرہیز:** تیل، مسالہ دار غذا اور ترش و گرم چیزوں کا استعمال نہ کریں۔

**ریکس جوشاندہ سیرپ** (پیٹنٹ دوا)
ریکس جوشاندہ سیرپ طب یونانی کے صدیوں پرانے و آزمودہ نسخہ کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔ یہ مشہور و کارآمد جڑی بوٹیوں کا سیرپ ہے جو نزلہ، زکام، کھانسی، گلے کی خراش اور درد سر میں انتہائی مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۰۰ ملی لیٹر گرم پانی میں ۱۰ ملی لیٹر ریکس جوشاندہ سیرپ ملا کر ناشتہ سے قبل اور رات کو سوتے وقت استعمال کرائیں۔



بچوں کو بمطابق عمر آدھی خوراک یا اس سے کم مقدار میں استعمال کرائیں۔

**شربت توت سیاہ**
گلے کے درد، خراش اور ورم کو زائل کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر یہ شربت پانی میں ملا کر پئیں۔

## ورم لوزتین (گلے کے غدود کا سوجنا)
**TONSILLITIS**

ٹونسیریکس، شربت توت سیاہ اور لعوق سپستاں خیار شنبری کا استعمال مفید ہے۔

## ورم حنجرہ وبحۃ الصوت
## (حنجرے کا ورم اور آواز بیٹھ جانا)
**LARYNGITIS AND HOARSNESS OF VOICE**

**لعوق سپستاں**
نزلہ اور کھانسی میں مفید ہے، سینہ کو بلغم سے صاف کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام یہ لعوق ۱۲۵ ملی لیٹر عرق گاؤزبان میں جوش دے کر رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔
نوٹ:۔ اس کے علاوہ شربت توت سیاہ، کفوریکس اور لعوق سپستاں خیار شنبری کا استعمال بھی کیا جا سکتا ہے۔

# امراض صدر (سینہ کی بیماریاں)
**DISEASES OF THE CHEST**

## سعال (کھانسی)
**COUGH**

**شربت صدر**
پھیپھڑوں کی خرابی اور پرانی و شدید کھانسی کے لیے مفید ہے۔ دمہ کی حالت میں استعمال کرنے سے دمہ کے دورے کو جلد روک دیتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵۔۵ ملی لیٹر میں دو یا تین بار استعمال کریں۔

**کفوریکس** (پیٹنٹ دوا)
ایک قابل اعتماد کھانسی کا شربت ہے، جو خشک کھانسی، بلغمی کھانسی اور کالی کھانسی میں مفید ہے، سانس کی نالیوں اور اس کی اندرونی جھلیوں کے ورم کو دور کرتا ہے۔ انفلوئنزا نزلہ زکام، قبض اور ہلکے بخار میں بھی مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** بڑے ۱۰۔۱۰ ملی لیٹر اور بچے ۵۔۵ ملی لیٹر صبح اور شام گرم پانی میں ملا کر استعمال کریں۔
نوٹ:۔ لعوق بادام اور ریکس جوشاندہ سیرپ بھی مفید ہے۔

## ضیق النفس (سانس کا تنگی سے آنا)
**BRONCHIAL ASTHMA**

**خمیرہ آبریشم شیرہ عناب والا**
خفقان اور وحشت کو دور کرتا ہے۔ سل، دق اور خشک کھانسی میں نہایت مفید ہے۔ دماغی کمزوری، دل کی دھڑکن اور معدے کی تبخیر کے لیے بھی مفید ہے۔

Scanned by CamScanner

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ خمیرہ صبح نہار منہ کھائیں۔

**حب ضیق النفس**

ضیق النفس (دمہ) اور کھانسی کے لیے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام خمیرہ گاؤزبان سادہ ۶ گرام، خمیرہ آبریشم سادہ ۶ گرام کے ہمراہ پانی سے کھائیں۔

**شربت زوفا سادہ**

ضیق النفس اور کھانسی میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر یہ شربت تھوڑے نیم گرم پانی میں ملا کر پلائیں۔

**شربت زوفا مرکب**

بلغمی کھانسی اور دمہ کے لئے مفید ہے۔ سینہ کو بلغم سے صاف کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر یہ شربت نیم گرم پانی میں ملا کر پیئیں۔

**لعوق سپستاں خیار شنبری**

نزلہ، زکام اور کھانسی کے لیے مفید ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام یہ لعوق پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

**لعوق کتاں**

یہ لعوق بلغمی دمہ کے لئے مفید ہے نیز قبض کو بھی دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰-۱۰ گرام یہ لعوق صبح و شام چاٹیں۔

## ذات الریہ و ذات الجنب

## (نمونیہ و پسلی کا درد)

**PNEUMONIA & PLEURISY**

**قرص / کشتہ قرن الایل**

سینہ اور پسلی کے درد کو دور کرتا ہے، بلغمی کھانسی میں مفید ہے، خنازیری گلٹیوں کو تحلیل کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی گرام یا دو قرص شہد میں ملا کر استعمال کریں و روغن سرخ گرم کر کے چھاتی و پیٹھ پر مالش کریں۔

**قیروطی آرد کرسنہ**

نمونیہ، پسلی کے درد اور ضیق النفس (دمہ) میں سینے پر مالش کی جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ضرورت کے مطابق یہ قیروطی لیکر گرم کر کے مالش کریں اور اوپر سے روئی گرم کر کے باندھیں۔

## ذبۃ الاطفال (پسلی چلنا)

**INFANTILE PNEUMONIA**

کشتہ قرن الایل، قیروطی آرد کرسنہ روغن سرخ و کفوریکس جن کا ذکر کیا جا چکا ہے، وغیرہ مستعمل ہیں۔

## نفث الدم (خون تھوکنا)

**HAEMOPTYSIS**

**قرص کہربا**

خون کی قے کو روکتا ہے۔ پھیپھڑوں سے خون آنے میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳ قرص شربت انجبار ۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر پلائیں۔



شربت انجبار، جوارش آملہ، کشتہ فولاد وغیرہ (جن کا ذکر پچھلے صفحات میں ہو چکا ہے) مستعمل ہے۔

## شہیقہ (کالی کھانسی)

**PERTUSSIS**

لعوق بادام و کفوریکس مفید ہیں جن کا ذکر پچھلے صفحات میں ہو چکا ہے۔

## سل و دق

**PTHYSIS & TUBERCULOSIS**

**حیاتین** (پیٹنٹ دوا)

سل و دق اور پرانے بخار میں مفید ریکس ریمیڈیز کی مایہ ناز دوا ہے ہر قسم کے بخاروں دق و پرانے بخاروں میں نہایت مفید ہے۔ مرض دق کے شروع میں نہایت کامیاب دوا ہے۔ اس دوا کے چند روز استعمال سے دق کے جراثیم ہلاک ہو کر پھیپھڑوں کے زخم بھرنا شروع ہو جاتے ہیں اور کھانسی میں بھی فائدہ ہوتا ہے۔ بچوں کے سوکھا مسان میں بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳۰ ملی لیٹر یہ سیرپ صبح اور شام پیئیں۔

**شربت اعجاز**

خشک کھانسی کو فائدہ دیتا ہے، سل اور دق کے لیے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر یہ شربت ۱۲۵ ملی لیٹر عرق گاؤزبان میں ملا کر صبح و شام پیئیں۔

**لعوق بادام**

سینہ کی خشکی اور خشک کھانسی اور سل میں بہت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰-۱۰ گرام یہ لعوق صبح و شام حیاتین ۳۰ ملی لیٹر کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**شربت فولاد**

عام جسمانی کمزوری دور کرنے کے لیے بیحد مفید ہے۔ کچھ بیماریوں کی وجہ سے خون میں پتلا پن اور سرخی میں کمی آ جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے خون میں فولاد کے ایک جز حمرۃ الدم (ہیموگلوبن) کی کمی ہوتی ہے۔ اس شربت کے استعمال سے حمرۃ الدم کی کمی دور ہو کر خون میں سرخی اور گاڑھا پن پیدا ہوتا ہے۔ چہرے کو سرخ بناتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ تا ۱۰ ملی لیٹر شربت، کھانے کے بعد استعمال کریں۔

اس کے علاوہ کشتہ فولاد، کشتہ عقیق بھی مستعمل ہے۔

**قرص سرطان**

سل و دق میں مفید ہے۔ کھانسی کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳ قرص صبح کو عرق گاؤزباں ۱۲۵ ملی لیٹر اور شربت اعجاز ۲۵ ملی لیٹر کے ساتھ کھائیں۔

## امراض قلب (دل کی بیماریاں)

**DISEASES OF THE HEART**

## ضعف قلب (دل کی کمزوری)

**WEAKNESS OF THE HEART**

**جوارش شاہی**

دل اور دماغ کو قوت دیتی ہے، طبیعت کی وحشت، گھبراہٹ اور تبخیر کو دور کرتی ہے۔

Scanned by CamScanner

**ترکیب استعمال:** ۵رگرام صبح و بارات کو سوتے وقت تازہ پانی سے استعمال کریں۔

### حب جواہر

اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے، حرارت غریزی کی حفاظت کرتی ہے، بیماری کے بعد جو کمزوری باقی رہ جاتی ہے اسے دور کرتی ہے، اس کے استعمال سے دماغ کے حسی و حرکتی اور ذہنی حصے قوی ہو جاتے ہیں اور دماغ کے خاکی مادے کے افعال میں ترقی ہوتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ شدید صورت میں دواء المسک معتدل ۵رگرام منہ میں رکھ کر نہار منہ کھائیں۔

### جواہر مہرہ

یونانی طب کی شاندار دواؤں میں سے ہے۔ دل کو قوت دیتا ہے اور حرارت غریزی کو بڑھاتا ہے۔ بے ہوشی میں اس کا استعمال حیرت انگیز اثر دکھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک نکے قرص خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا یا دواء المسک معتدل جواہر والی ۵ گرام کے ساتھ کھلائیں۔ بچوں کو آدھی قرص دیں۔

### حب خاص (پیٹنٹ دوا)

دل و دماغ، جگر، و معدے کی کمزوری کو دور کرتی ہے نظام اعصاب و قوت مردانہ پر اچھا اثر ڈالتی

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام دودھ یا پانی سے استعمال کریں۔

### عرق گزر سادہ

دل کو قوت و فرحت بخشتا ہے۔ خفقان اور اختلاج قلب میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر عرق شربت صندل ۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر پلائیں۔

### خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا

دل کو قوت دے کر اس کے فعل کو درست رکھتا ہے، دماغ کے مختلف حصوں کو قوت دے کر دماغی نقائص کو دور کرتا ہے اعصاب کی بڑھی ہوئی حس کو کم کرتا ہے۔ خفقان، مالیخولیا اور پیدائش خیالات فاسدہ کو رفع کرتا ہے، جگر کو قوت پہنچا کر خون کی پیدائش میں مدد دیتا ہے، اس لیے اس کے استعمال سے بیماریوں کے بعد کی کمزوری بہت جلد دور ہو جاتی ہے کمزور دل والے مریضوں کے لیے بہت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵رسال سے ۱۰رسال کی عمر تک ۱رگرام سے ۲رگرام تک، بڑی عمر والوں کو ۳رگرام سے ۶رگرام تک دودھ یا تازہ پانی سے صبح کے وقت استعمال کرایا جائے۔

### ریکس کی دماغی (پیٹنٹ دوا)

آنولہ، بادام، کاجو، برہمی بوٹی، کھجور جیسی بارہ جڑی بوٹیوں اور میووں سے تیار، دماغ و نگاہ کو طاقت پہنچا کر قوت حافظہ، یادداشت کو تیز کرتی ہے۔



**ترکیب استعمال:** ہر صبح ناشتہ میں ۲۰رگرام یا چائے کے دو چمچے۔

### شربت بہی

دل کو قوت و فرحت بخشتا ہے، معدے اور آنتوں کو طاقت دیتا ہے، قے اور دستوں کو روکتا ہے، صفرا کی زیادتی کو گھٹاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰ملی لیٹر یہ شربت عرق گاؤزباں کے ساتھ ۱۲۵رملی لیٹر یا پانی میں ملا کر پئیں۔

### ہارٹوریکس (پیٹنٹ دوا)

مفرح و مقوی قلب ہے، دل کی حرکات و رفتار میں تنظیم اور باقاعدگی پیدا کرتی ہے۔ ضعف قلب میں مفید ہے۔ یہ عصبی نظام پر اثر ڈالتا ہے۔ اس سے اختلاج قلب، بے چینی ذرا اور دباؤ معتدل ہو جاتے ہیں۔ ہائی بلڈ پریشر کو بھی کم کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی خمیرہ مروارید میں ملا کر صبح نہار منہ یا جس وقت ضرورت محسوس ہو۔ پانی سے استعمال کرائیں۔ تنہا گولی کا بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔

## اختلاج قلب

## CARDIAC NEUROSIS

### دواء المسک معتدل جواہر والی

اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتی ہے، دل کو طاقت دے کر دوران خون کو تیز کرتی ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتی ہے۔ خون کی پیدائش کو بڑھاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک سال سے ۶رسال تک کے بچوں کو ایک گرام سے دو گرام تک، ۶رسال سے ۱۲رسال تک دو گرام سے ۳رگرام تک، بڑی عمر والوں کو ۳رگرام سے ۶رگرام تک دودھ یا پانی سے استعمال کرائیں۔

### شربت انگور شیریں

میٹھے انگور کے رس سے تیار کیا ہوا یہ شربت دل کو قوت دیتا ہے، صفراوی بخار میں تسکین پہنچاتا ہے، معدہ کی خرابی کی اصلاح کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵رملی لیٹر یہ شربت تھوڑے سے پانی میں ملا کر پئیں۔

### قرص / کشتہ عقیق

مقوی قلب ہے، پھیپھڑے کے زخم کو مندمل کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۰رملی گرام یا ۲ قرص ۵رگرام خمیرہ مروارید میں ملا کر استعمال کریں۔

### شربت آبریشم سادہ

دل و دماغ کو تقویت دیتا ہے، خفقان اور وحشت کے لئے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵رملی لیٹر یہ شربت تھوڑے سے پانی میں ملا کر صبح کو پئیں۔

## خفقان (گھبراہٹ، دھڑکن)

## PALPITATION

### خمیرہ صندل سادہ

خفقان اور دل کی دھڑکن کے لیے بے حد مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۔۵ گرام یہ خمیرہ صبح و شام کھائیں۔

Scanned by CamScanner

**دواء المسک معتدل سادہ**

جگر اور معدہ کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ خفقان اور غشی میں مفید ہے، بیماری کے بعد کی کمزوری اور عام جسمانی کمزوری کو جلد دور کر دیتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح کو نہار منہ کھائیں۔

**شربت گلاب** (پیٹنٹ دوا)

مفرح قلب ہے، گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ سے ۵۰ ملی لیٹر شربت کو پانی میں گھول کر پلائیں۔

**عرق گلاب**

مسکن عطش و حرارت و مقوی قلب ہونے کے علاوہ گھبراہٹ اور دل کی دھڑکن کو فائدہ دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰۰ ملی لیٹر کسی مفرح شربت یا پانی میں ملا کر پئیں۔

**عرق کیوڑہ**

دل کی تقویت اور فرحت کے لیے بہترین دوا ہے۔ گھبراہٹ کو دور کرتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی لیٹر یہ عرق شربت صندل ۱۵ ملی لیٹر میں ملا کر پئیں۔

**عرق گاؤزبان**

دل کو قوت و فرحت بخشتا ہے، پیاس بجھاتا ہے، دماغی امراض میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر اس عرق میں شربت کیوڑہ ۲۵ ملی لیٹر ملا کر پئیں۔

## ضغط الدم قوی (ہائی بلڈ پریشر)

**HYPERTENSION**

**دواء الشفاء**

جنون، اختناق الرحم، صرع وغیرہ کے لیے بہترین دوا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو گولی صبح و شام پانی سے استعمال کریں۔

## ضغط الدم ضعیف (لو بلڈ پریشر)

**HYPOTENSION**

اس مرض میں حب جواہر، حب عنبر مومیائی، عرق ماء اللحم، حب خاص، خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا، دواء المسک معتدل جواہر والی، کشتہ فولاد، کشتہ طلاء، ریکسوٹون و ریکس ہیلتھ ٹانک استعمال کر سکتے ہیں۔

## امراض معدہ (معدے کی بیماریاں)

**DISEASES OF THE STOMACH**

## ضعف معدہ (معدے کی کمزوری)

**ATONIC STOMACH**

**اکسیر معدہ**

معدہ اور آنتوں کی بیماریوں میں مفید ہے۔ اگر بھوک کم لگتی ہے، پیٹ میں ہوا زیادہ پیدا ہوتی ہے۔ کھانے کے بعد پیٹ بوجھل اور بھاری ہو جاتا ہے، کھٹی ڈکاریں آتی ہیں تو اس دوا کا استعمال مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۔۲ گولیاں بعد غذا دونوں وقت تازہ پانی سے یا جب ضرورت محسوس ہو استعمال کرائیں۔ مزید فائدہ کے لیے کیسوال سیرپ ۲۰۔۲۰ ملی لیٹر کے ساتھ استعمال کریں۔



**جوارش انارین**

حرارت کو تسکین دیتی ہے، معدہ اور جگر کو قوت دیتی ہے بھوک لگاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح یا جس وقت ضرورت ہو پانی سے استعمال کریں۔

**جوارش جالینوس**

یہ جوارش مشہور حکیم جالینوس کے نسخے سے تیار کی جاتی ہے۔ خالص زعفران کے علاوہ اور بہت سی نباتاتی دوائیں اور جڑی بوٹیاں اس کے اجزا ہیں۔ معدہ اور امعا کی تقویت، قبض کی اصلاح اور ہضم طعام میں اعانت کے لیے استعمال کی جاتی ہے، دوسرے منہ سے بدبو آنے کو، غلبہ ریاح کو اور وقت سے پہلے بال سفید ہونے کو روکتی ہے۔ ہر عمر اور ہر مزاج والے کو مفید ہے۔ قوت معدہ کو جس پر صحت اور تندرستی کا دارومدار ہے برقرار رکھنے اور معدے کی خرابیوں کی اصلاح کرنے میں اعلیٰ فوائد رکھتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام سے لے کر ۶ گرام تک یہ جوارش صبح یا کھانا کھانے کے بعد پانی سے استعمال کریں۔

**قرص مالنی بسنت**

مقوی معدہ ہے، آنتوں کو طاقت دیتی ہے اور ان کی کمزوری سے آنے والے دستوں کو روکتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک قرص معجون سنگ دانہ مرغ ۵ گرام یا جوارش آملہ ۵ گرام کے ساتھ کھلائیں۔

**سفوف نمک سلیمانی**

معدے کو طاقت دیتا ہے، غذا کو ہضم کرتا اور بھوک لگاتا ہے اس کے استعمال سے پیٹ کا درد، اپھارا اور طبیعت کا بھاری پن جاتا رہتا ہے، ریاح کو خارج کرتا ہے اور جگر کی اصلاح کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱ گرام سے ۳ گرام تک کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے استعمال کرائیں۔

**جوارش تمر ہندی**

صفراوی دستوں اور متلی کو روکتی ہے، صفراوی مزاج اشخاص کے معدہ اور جگر کو طاقت دیتی اور بھوک لگاتی ہے، گرمیوں اور ہیضہ کے زمانے میں اس کا استعمال بہت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

**عرق بادیان**

جگر اور معدے کو قوت دیتا ہے، آنتوں کی بیماری میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر نیم گرم استعمال کیا جائے۔

**عرق برنجاسف**

تقویت معدہ اور جگر کے لیے مستعمل ہے، درد شکم اور بلغمی بخار دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر عرق میں شربت کوث ۲۵ ملی لیٹر ملا کر استعمال کریں۔

Scanned by CamScanner

**عرق پودینه**
متلی اور قے کو روکتا ہے تخمے اور ہیضہ میں مفید ہے، معدہ کو طاقت دیتا ہے، غذا کو ہضم کرتا ہے اور بھوک لگاتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر عرق میں سکنجبین لیمونی ۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر پئیں۔

**قرص / کشته خبث الحدید**
مقوی معدہ وجگر ہے، معدہ سے فاسد رطوبات کو خارج کر کے جسم میں عمدہ وصالح خون پیدا کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی گرام یا ۲ قرص جوارش جالینوس میں رکھ کر کھلائیں۔

**معجون نانخواه**
معدہ کو قوت دیتی ہے اور بھوک لگاتی ہے، غذا کو ہضم کرتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵/۵ گرام یہ معجون پانی سے صبح شام کھائیں۔

**جوارش عود شیریں**
معدے کو تقویت بخشتی ہے، غذا کو ہضم کرتی اور بھوک لگاتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ جوارش کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔

وجع المعدہ (معدہ کا درد)

**GASTRALGIA**

**جوارش کمونی**
معدے کی برودت کو دور کرتی ہے۔ کھٹی ڈکاروں اور بدہضمی کو زائل کرتی ہے اور بخار کو جو معدہ کی خرابی سے ہو دفع کرتی ہے۔ فاسد رطوبات کو خشک کر کے معدہ کا تنقیہ کرتی ہے۔ قبض کے لیے مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ سے ۱۰ گرام تک کھانے کے بعد استعمال کریں۔

**جوارش کمونی کبیر**
درد شکم و قولنج میں مفید ہے۔ ریاح کو دور کرتی ہے قبض کشا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام ضرورت کے وقت پانی سے استعمال کریں۔

**جوارش کمونی اکبر**
قبض کشا ہے، درد شکم و قولنج میں مفید ہے، ریاح کو رفع کرتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵۔۵ گرام ضرورت کے وقت پانی سے کھلائیں۔

**حب پیپته**
ہضم کو درست کرتی ہے، ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ قبض کی شکایت دور کرتی ہے، پیٹ کے درد میں نافع ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۲۔۲ گولیاں کھانے کے بعد پانی سے کھائیں۔

**حب حلتیت**
غذا کے ہضم اور تحلیل ریاح کے لیے مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی کھانا کھانے کے بعد پانی سے کھائیں۔



بدہضمی و نفخ شکم (بدہضمی و اپھارہ)

**INDIGESTION & ABDOMINAL DISTENSION**

**جوارش بسباسه**
بدہضمی کی شکایت دور کرتی ہے، معدے کی برودت کو زائل کرتی ہے، بادی بواسیر کو فائدہ دیتی اور پیٹ بڑھنے کو روکتی ہے
**ترکیب استعمال:** ۵۔۵ گرام کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے کھائیں۔

**جوارش زنجبیل**
معدہ کو تقویت دیتی ہے۔ کھانے کو ہضم کرتی ہے اور بھوک لگاتی ہے۔ ریح خارج کرتی ہے۔ متلی دور کرتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** دونوں وقت کھانے کے بعد ۵ گرام پانی سے لیں۔

**حب تنکار**
دماغی فضلات کو خارج کرتی ہے، معدے کی گرانی اور کمزوری کو زائل کرتی ہے، بھوک لگاتی ہے، دائمی قبض کی شکایت دور کرتی ہے و ریاح کو خارج کرتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۲ گولیاں رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی سے کھائیں۔

**عرق الائچی**
بدہضمی، ضعف ہضم و اسہال میں مفید ہے۔ مقوی و مفرح قلب ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی لیٹر عرق میں سکنجبین لیمونی ۲۵ ملی لیٹر ملا کر پییں۔

**گیسو نل گولیاں و سیرپ (پینٹ دوا)**
پیٹ گیس و بدہضمی میں مفید ہے۔ معدہ اور آنتوں کی بیماریوں میں مفید ہے۔ اگر بھوک کم لگتی ہے، ریاح زیادہ بنتی ہے، کھانے کے بعد پیٹ بوجھل اور بھاری ہو جاتا ہے کھٹی ڈکاریں آتی ہیں تو اس دوا کا استعمال مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۰/تا ۱۵ ملی لیٹر بعد غذا دونوں وقت استعمال کریں۔
**ترکیب استعمال:** ۱-۲ گولی بعد غذا دونوں وقت استعمال کریں۔

فواق (ہچکی)

**HICCOUGH**

اکسیر معدہ، جوارش کمونی، معجون نانخواہ فواق میں مفید ہے، گیسونل بھی مفید ہے۔

غثیان (متلی اور قے)

**NAUSEA & VOMITING**

**عرق الائچی**
بدہضمی، ضعف ہضم و اسہال میں مفید ہے۔ مقوی و مفرح قلب ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی لیٹر عرق میں سکنجبین لیمونی ۲۵ ملی لیٹر ملا کر پییں۔

**عرق پودینه**
متلی اور قے کو روکتا ہے تخمے اور ہیضہ میں مفید ہے، معدہ کو طاقت دیتا ہے، غذا کو ہضم کرتا ہے اور بھوک لگاتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر عرق میں سکنجبین لیمونی ۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر پئیں۔

Scanned by CamScanner

مذکورہ ادویات کے علاوہ جوارش اناریں، رفیق حیات اور بچوں میں ریکس گرائپ واٹر بھی استعمال کرایا جاسکتا ہے۔

## ضعف اشتہا (بھوک کی کمی)

**LOSS OF APPETITE**

### ریکسوٹون (پیٹنٹ دوا)

ریکسوٹون ایک صحت بخش جڑی بوٹیوں سے بھرپور نادر مرکب ہے اس میں موجود مقوی اجزا کو جسم قدرتی طور پر قبول کرتا ہے، اس کے استعمال سے ہاضمہ چست ودرست رہتا ہے، بھوک میں اضافہ ہوتا ہے، تغذیہ کے نقائص دور ہوتے ہیں اور کام کرنے کی قوت اور طاقت بحال رہتی ہے قوت مدافعت کو بڑھاتا ہے اور طویل بیماری اور آپریشن کے بعد کی کمزوری کو دور کرتا ہے، جسمانی اور دماغی محنت کرنے والے افراد کے لیے مفید ہے۔ معدہ اور جگر کے افعال کو درست کرکے خون صالح پیدا کرتا ہے، دودھ پلانے والی ماں اور حاملہ عورتوں کے لیے مفید ہے، رحم مادر میں پلنے والے بچے کے لیے بھی غذائیت فراہم کرتا ہے۔ بچوں کی بہتر ومناسب نشوونما میں معاون ہوکر جسم کو صحت مند اور تندرست رکھتا ہے۔ عام جسمانی اور دماغی تھکان کو دور کرکے جوش وولولہ پیدا کرتا ہے۔ ریکسوٹون ہر موسم میں بلا کسی مضر اثرات کے استعمال کیا جانے والا ہر عمر کے نہ صرف لاغر اور مریض افراد بلکہ معمولاً صحت مند افراد کے لیے بھی ایک مکمل ٹانک ہے۔

**ترکیب استعمال:** بڑوں کے لئے ۲۰ ملی لیٹر ناشتے سے پہلے اور شام کے کھانے سے پہلے، بچوں کے لیے ۱۰ ملی لیٹر ناشتے سے پہلے اور شام کے کھانے سے پہلے۔

### معجون فلاسفہ

قوت باہ اور مادہ تولید کی پیدائش کو بڑھاتی ہے، درد کمر، درد گردہ اور وجع مفاصل میں مفید ہے، مثانہ کو قوت دے کر پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے۔ بھوک کو بڑھاتی ہے اور ہضم درست کرکے منہ کی بدبو دور کرتی ہے، چہرے کی رنگت کو نکھارتی ہے، مقوی اعصاب ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک یہ معجون صبح وشام تازہ پانی یا دودھ سے استعمال کریں۔

## امراض کبد ومرارہ

## (جگر وپتہ کی بیماریاں)

**DISEASES OF LIVER &**

**GALL BLADDER**

### ورم وصلابت جگر (جگر کا ورم اور سختی)

**HEPATITS & CIRRHOSIS OF LIVER**

### اکسیر جگر

جگر کی اکثر خرابیوں کے لیے مفید ہے اور ایسے مزمن بخار کو بھی دور کردیتی ہے جس کا باعث جگر کی خرابی ہو۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام بعد غذا دونوں وقت تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔



### حب کبد نوشادری

جگر کی سختی، جگر کے بڑھ جانے اور بلغم کی زیادتی سے جگر کے اندر سدے پیدا ہوجانے میں مفید ہے۔ پیٹ کے بھاری پن اور قبض کو دور کرتی ہے۔ کاسر ریاح ہے، بھوک لگاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۔۲ گولیاں غذا کے بعد پانی سے کھائیں۔

### شربت دینار

ورم جگر، درد جگر اور استسقا میں مفید ہے، قبض دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ سے ۵۰ ملی لیٹر یہ شربت عرق بادیان ۱۲۵ ملی لیٹر نیم گرم پانی میں ملاکر پئیں۔

### عرق کاسنی

خون کی حرارت اور صفرا کی حدت کو دور کرتا ہے، ورم جگر میں مفید ہے، جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر یہ عرق ۲۵ ملی لیٹر شربت گل میں ملاکر استعمال کریں۔

### عرق مکوہ

اندرونی اعضا مثلاً جگر، معدہ، آنتوں اور رحم کے ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ حرارت کو تسکین دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر یہ عرق شربت محلل ۲۵ ملی لیٹر میں ملاکر پئیں۔

### لیووریکس (پیٹنٹ دوا)

ایک مکمل لیور ٹانک ہے جگر کی اکثر خرابیوں اور جگر کی خرابیوں سے پیدا ہونے والے بخاروں کے لیے مفید ہے۔ معدہ، جگر، طحال، امعا ورحم کے ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ بھوک میں اضافہ کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر صبح اور شام پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

### معجون دبید الورد

استسقاء (جلندھر) کی بیماری اور جگر کے امراض میں جیسا کہ جگر کا ضعیف ہوجانا، جگر پر ورم آجانا یا جگر میں سدے ہوگئے ہوں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام معجون، عرق بادیان یا عرق مکوہ ۱۲۵ ملی لیٹر، شربت دینار ۲۵ ملی لیٹر کے ساتھ صبح کھائیں، تنہا معجون بھی پانی سے کھائی جاسکتی ہے۔

## حرارت جگر (جگر کی گرمی)

**BILIOUS LIVER**

### شربت بزوری معتدل

جگر، گردہ اور مثانہ کے فضلات کو پیشاب کے ذریعے خارج کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ سے ۵۰ ملی لیٹر تک یہ شربت پانی میں ملاکر پئیں۔

## ورم وحصاۃ المرارہ (پتہ کا ورم وپتھری)

**CHOLECYSTITIS AND**

**GALL BLADDER STONE**

### روغن زیتون

پتے کی پتھری اس کے لگاتار استعمال سے گھل کر نکل جاتی ہے۔ پرانے قبض کو دور کرتا ہے اور پٹھوں کو قوت دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر میں ملاکر پلائیں۔

Scanned by CamScanner

**قرص / کشتہ حجر الیہود**
معدہ اور جگر کو قوت دیتا ہے، معدہ کی رطوبتوں کو خارج کرتا ہے۔ گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۳۰ ملی گرام یا ۲ قرص معجون عقرب ۲ گرام یا معجون حجر الیہود ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

**معجون حجر الیہود**
گردہ، مثانہ و پتہ کی پتھری کو خارج کرتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵۔۵ گرام صبح و شام پانی کے ساتھ کھائیں۔ مزید فائدہ کے لئے کشتہ حجر الیہود بھی لیں۔

**شربت بزوری بارد**
جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے، پیشاب لاتا ہے اور پیشاب کی جلن کو دور کرتا ہے، جگر، گردہ اور مثانہ کی گرم بیماریوں میں مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵۰ ملی لیٹر یہ شربت ٹھنڈے پانی میں ملا کر صبح کو پئیں۔

**شربت بزوری حار**
جگر، گردوں اور مثانہ کی بیماریوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵۰ ملی لیٹر یہ شربت عرق بادیان ۱۲۵ ملی لیٹر یا پانی میں ملا کر پئیں۔

**شربت کاسنی**
دل کو قوت دیتا ہے۔ پیاس کی تسکین اور دل و دماغ کی فرحت کے لئے بہترین چیز ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵۰ ملی لیٹر یہ شربت ٹھنڈے پانی میں ملا کر پئیں۔

## امراض طحال (تلی کی بیماریاں)
## DISEASES OF THE SPLEEN

### عظم طحال (تلی کا بڑھ جانا)
### HYPERTROPHY OF SPLEEN

معجون دبید الورد، کشتہ فولاد، شربت فولاد مفید ہیں جن کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے۔

### استسقاء (جلندھر)
### ASCITES

شربت دینار و معجون دبید الورد اور اکسیر جگر مفید ہیں۔

### فقر الدم (خون کی کمی)
### ANAEMIA

**ریکسوٹون (پیٹنٹ دوا)**
ریکسوٹون ایک صحت بخش جڑی بوٹیوں سے بھرپور نادر مرکب ہے اس میں موجود مقوی اجزا کو جسم قدرتی طور پر قبول کرتا ہے، اس کے استعمال سے ہاضمہ چست و درست رہتا ہے، بھوک میں اضافہ ہوتا ہے، تغذیہ کے نقائص دور ہوتے ہیں اور کام کرنے کی قوت اور طاقت بحال رہتی ہے قوت مدافعت کو بڑھاتا ہے اور طویل بیماری اور آپریشن کے بعد کمزوری کو دور کرتا ہے، جسمانی اور دماغی محنت کرنے والے افراد کے لیے مفید ہے۔ معدہ اور جگر کے افعال کو درست کر کے خون صالح پیدا کرتا ہے، دودھ پلانے والی حاملہ عورتوں کے لیے مفید ہے، رحم مادر میں پلنے والے بچے کے لیے بھی غذائیت فراہم کرتا ہے۔ بچوں کی



بہتر و مناسب نشو و نما میں معاون ہو کر جسم کو صحت مند اور تندرست رکھتا ہے۔ عام جسمانی اور دماغی تھکان کو دور کر کے جوش و ولولہ پیدا کرتا ہے۔ ریکسوٹون ہر موسم میں استعمال کیا جانے والا ہر عمر کے نہ صرف لاغر اور مریض افراد بلکہ معمولاً صحت مند افراد کے لیے بھی ایک مکمل ٹانک ہے۔
**ترکیب استعمال:** بڑوں کیلئے ۲۰ ملی لیٹر اور بچوں کیلئے ۱۰ ملی لیٹر ناشتے سے پہلے اور شام کے کھانے سے پہلے۔

**قرص / کشتہ خبث الحدید**
مقوی معدہ و جگر ہے، معدہ سے فاسد رطوبات کو خارج کر کے جسم میں عمدہ صالح خون پیدا کرتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی گرام یا ۲ قرص جوارش جالینوس میں رکھ کر کھلائیں۔

### فربہی (موٹاپا)
### OBESITY

**سفوف مہزل**
فربہی گھٹا تا ہے۔ کچھ دنوں تک لگاتار استعمال کرتے رہنے سے آہستہ آہستہ وزن کم ہو جاتا ہے اور بدن صحیح حالت میں آ جاتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ سفوف صبح کو نیم گرم پانی سے استعمال کریں۔

**عرق زیرہ**
ریاح کو خارج کرتا ہے اور بھوک لگاتا ہے۔ مٹاپے کو دور کرنے میں مدد دیتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۷۵ ملی لیٹر صبح اور شام استعمال کرائیں۔

## امراض امعاء (آنتوں کی بیماریاں)
## DISEASES OF THE INTESTINES

### اسہال و زحیر (دست و پیچش)
### DIARRHOEA & DYSENTRY

**جوارش آملہ**
دل و دماغ اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ صفراوی دستوں کو روکتی و جگر کی حرارت کو کم کرتی ہے تبخیر اور اختلاج میں مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح کو عرق گاؤزبان ۴۰ ملی لیٹر یا پانی میں استعمال کریں۔

**جوارش مصطگی**
معدے کی ناقص اور خراب رطوبات کو جذب کرتی ہے، منہ سے پانی بہنے، پیشاب کی کثرت اور دستوں کو روکنے میں مفید ہے بلغمی امراض میں نفع پہنچاتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام صبح کو عرق بادیان ۴۰ ملی لیٹر یا تازہ پانی سے کھائیں۔

**حب پیچش بنسخہ خاص**
ہر قسم کی پیچش کے لئے نہایت مفید ہے۔ درد و مروڑ کی کیفیت دور کر کے پیچش میں آنے والے خون کو روکتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** بڑوں کو ۱۔ ا گولی اور بچوں کو آدھی آدھی گولی صبح و شام عرق گلاب ۵۰۔۵۰ ملی لیٹر یا شربت حب الآس ۲۰۔۲۰ ملی لیٹر سے استعمال کرائیں۔

**حب سماق**

مقوی معدہ ہے۔ معدہ اور آنتوں کی کمزوری سے آنیوالے دستوں کو روکتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۔۱ گولی ہمراہ سفوف مقلیاثا ۶۔۶ گرام صبح وشام پانی سے استعمال کرائیں۔

**سفوف مقلیاثا**

پرانے دستوں اور پیچش میں مفید ہے، درد اور مروڑ کو دور کرتا ہے، ریاحی بواسیر میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵،۵ گرام یہ سفوف صبح شام پانی سے کھائیں۔ پیچش میں یہ سفوف پھانک کر اوپر سے ریشہ خطمی ۵ گرام کا لعاب ۱۲۵ ملی لیٹر پانی میں نکال کر شربت بنفشہ ۲۵ ملی لیٹر ملا کر پئیں۔

**شربت حب الاس**

ہر قسم کے دستوں کو بند کرتا ہے، مروڑ کو سکون دیتا ہے، نیز دستوں کے ساتھ خون آنے کو روکتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۰ ملی لیٹر سے ۳۰ ملی لیٹر تک یہ شربت پانی میں ملا کر پئیں۔

**معجون سنگدانہ مرغ**

معدہ اور آنتوں کی کمزوری اور اگر اس کمزوری سے دست آتے ہوں تو اس کو دور کرتی ہے، ضعف ہضم میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵،۵ گرام صبح وشام پانی سے کھائیں۔

نوٹ:۔ مذکورہ ادویات کے علاوہ جوارش آملہ، جوارش انارین، شربت انار شیریں، شربت انجبار، عرق بادیان کا استعمال بھی معدہ و آنتوں کی کمزوری سے آنے والے دستوں کو روکتا ہے۔

## حصر (قبض)

## CONSTIPATION

**اطریفل ملین**

پرانے دردسر اور امراض دماغی میں مفید ہے۔ قبض کشا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام رات کو سوتے وقت پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

**جوارش کمونی مسہل**

تپی، معدے کی خرابی اور قبض کے لئے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام وقت ضرورت پانی سے کھائیں۔

**شربت انجیر**

قبض کی شکایات کو دور کرتا ہے، بلغم خارج کرتا ہے، محلل ورم طحال ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر یہ شربت تھوڑے سے پانی میں ملا کر پئیں۔

**شربت ارزانی**

نزلہ زکام اور کھانسی کے لئے مفید ہے قبض کو دور کرتا ہے، سینہ کو بلغمی رطوبات سے صاف کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر یہ شربت عرق گاؤزبان ۱۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر پئیں۔

**قرص ملین**

معدہ اور آنتوں کو فضلات سے پاک صاف کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔ نزلہ و زکام، آشوب چشم اور ناک کان کی بیماریوں میں رفع قبض کے لئے عموماً استعمال کئے جاتے ہیں۔



**ترکیب استعمال:** ۲ قرص رات کو سوتے وقت دودھ یا پانی سے کھائیں۔

**روغن ارنڈی**

قبض کو دور کرتا ہے۔ انتڑیوں سے سدوں کو نکالتا ہے۔ پیچش جو سدوں کی وجہ سے ہو جاتی ہے اس میں بھی بہت فائدہ مند ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لٹر سے ۵۰ ملی لٹر تک یہ روغن ۲۵۰ ملی لٹر ہلکے گرم دودھ میں ملا کر پلائیں۔

## بواسیر وبھگندر

## HAEMORRIAOIDS (PILES) & FISTULA IN ANO

**اطریفل مُقل**

بواسیر بادی کے لیے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام رات کو سوتے وقت پانی کے ساتھ کھائیں۔

**حب بواسیر**

بادی وخونی بواسیر میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولیاں صبح کو نہار منہ پانی سے کھائیں۔ مرض کی شدت میں دو دو گولی صبح وشام پانی سے کھائیں۔

**حب مقل**

ریحی بواسیر کے لیے نہایت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گولیاں رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

مذکورہ ادویات کے علاوہ اطریفل کشنیزی، جوارش بسباسہ، جوارش جالینوس بھی مفید ہے۔

**حب رسوت**

بواسیری دستوں اور خون کو روکتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۔۲ گولی تازہ پانی سے صبح وشام کھائیں۔

## دیدان امعاء (پیٹ کے کیڑے)

## INTESTINAL WORMS

**اطریفل دیدان**

پیٹ کے کیڑوں کو مارتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

## قولنج

## COLIC

جوارش کمونی، جوارش کمونی کبیر، جوارش کمونی مسہل، اطریفل زمانی، شربت دینار اور عرق بادیان مفید ہیں۔

# امراض بانقراس کلیہ ومثانہ

## (گردہ ومثانہ کی بیماریاں)

## DISEASES OF PANCREAS, KIDNEY & URINARY BLADDER

## حصاۃ الکلیہ ومثانہ (گردہ ومثانہ کی پتھری)

## RENAL & BLADDER CALCULUS

**اکسیر گردہ**

پتھری چاہے گردہ میں ہو یا مثانہ میں اس دوا کے استعمال سے گھل کر پیشاب کے ذریعے خارج


Scanned by CamScanner

جی۔ایم۔پی سند یافتہ کمپنی کی دوائیں یعنی بہترین معیار ہر قیمت پر

ہاضمہ درست......تو
آپ رہیں تندرست

گیسونل


ہاضم اور مزے دار گولیاں و سیرپ

اسکا کوئی سائڈ ایفیکٹ نہیں

Gasonil™
FOR GASTRIC TROUBLES




LIVOREX
لیووریکس
ایک مکمل لیور ٹانک




- لیور کے خراب ہونے سے پیدا ہونے والی بیماریوں جیسے جگر کا بڑھنا، جگر کا ورم اور پیلیا وغیرہ میں فائدہ مند ہے۔
- ہاضمہ کو درست کر بھوک بڑھاتا ہے اور جسم کو چست رکھتا ہے۔
- بچوں کی عام بیماری بھوک نہ لگنا کو دور کر کے بچوں کو تندرست رکھتا ہے۔
- لیووریکس ایک ہربل دوا ہے۔ اس کا کوئی سائڈ افیکٹ نہیں ہے۔



جگر تندرست آپ رہیں چست

Developed By
REX (UBAI) REMEDIES PVT. LTD. DELHI
A GMP Certified Co.




شوقین مزاج لوگوں کے لیے ریکس کا بہترین تحفہ




گولی نواب علی شاہ

وقت خاص کے لمحوں کو طویل کر کے بھرپور لذت سے ہمکنار کراتی ہے
جی ہاں! ان خاص لمحوں کے لیے
جب آپ بھرپور لذت حاصل کرنا چاہتے ہیں اور اپنے پارٹنر کو مکمل تسکین سے ہمکنار کرانا چاہتے ہیں
ایسے میں! آپ دونوں کو بھرپور لذت اور تسکین سے ہمکنار کرائے گولی نواب علی شاہ

شباب اعظم




یہ معجون مردانہ قوتوں و صلاحیتوں میں زبردست اضافہ کرتی ہے اور زوجین کو بے پناہ لذت سے ہمکنار کراتی ہے




مالش کرنے کے چند لمحوں بعد ہی اپنا اثر دکھائے

فربہ
مردوں کے لئے تیل

آزمودہ جڑی بوٹیوں سے تیار فربہ کی ہلکی مالش عضو میں سختی و طاقت پیدا کرتا ہے۔ مسلسل استعمال سے فربہی لاتا ہے۔

بار بار - ہر بار
نیا جوش - نیا مزہ

ہو جاتی ہے، اس کے علاوہ ریگ مثانہ وگردہ کو بھی خارج کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام صبح وشام ۵ گرام معجون حجر الیہود کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**شربت آلو بالو**

مدر بول ہے، گردے اور مثانہ کی پتھری نکالتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر یہ شربت عرق انناس ۱۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر پئیں۔

**معجون سنگ سرماہی**

گردہ ومثانہ کی پتھری کو توڑ کر خارج کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ معجون اکسیر گردہ ۵ گرام میں ملا کر کھائیں۔

**معجون عقرب**

یہ معجون سنگ گردہ مثانہ ریزہ ریزہ کر کے پیشاب کے راستہ خارج کرتی ہے نیز درد کو سکون دیتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام تا ۵ گرام یہ معجون پانی سے یا مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

**شربت ورد مکرر**

جگر، معدہ، آنتوں اور گردہ کی بیماریوں میں مفید ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** کسی مناسب عرق میں ملا کر پئیں۔

نوٹ:۔ مذکورہ ادویات کے علاوہ کشتہ حجر الیہود و شربت بزوری معتدل بھی مؤثر و کامیاب دوائیں ہیں۔

## ضعف گردہ ومثانہ
## (گردہ ومثانہ کی کمزوری)
## WEAKNESS OF KIDNEY & URINARY BLADDER

**جوارش زرعونی عنبری نسخۂ کلاں**

گردہ، مثانہ، جگر، معدہ ودماغ کی طاقت کے لیے مستعمل ہے۔ کمر اور ریڑھ کو مضبوط بناتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی، دردسر، بلغمی کھانسی اور نقرس میں مفید ہے۔ ریاح کو خارج کرتی ہے اور بالوں کی سیاہی کو قائم رکھتی ہے۔ مادہ تولید پیدا کرتی ہے اور قوت باہ بڑھاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** گردہ اور مثانہ کو قوت پہنچانے کے لیے ۵ گرام میں قرص کشتہ فولاد ایک عدد یا ۳۰ ملی گرام ملا کر صبح وشام استعمال کرائیں۔

**بنادق البزور**

گردہ ومثانہ کے زخموں کو صاف کرتا ہے۔ پیشاب کی جلن کو ختم کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲-۳ گولی تازہ پانی سے صبح وشام استعمال کرائیں۔

**لبوب کبیر**

جوانی کی بے اعتدالیوں، غلط کاریوں سے یا بڑھاپے کے اثر سے گردے کمزور ہو کر ان کی حرارت اصلیہ اتنی کم ہو جاتی ہے کہ مادہ تولیدی کی پیدائش تھوڑی اور خواہش انسانی ضعیف ہو جاتی ہے، پیشاب گاڑھا اور بدرنگ آتا ہے مادہ تولید پیشاب کے راستہ خارج ہوا کرتا ہے۔ اس حالت



کی یہ مخصوص اور کامیاب دوا ہے جس سے بلاشبہ ہمارے اطباء نے لاکھوں مریضوں کو سکھ پہنچایا ہے اس کے استعمال سے گردے قوی اور گرم ہو جاتے ہیں۔ خون اور تولیدی مادہ زیادہ مقدار میں پیدا ہو کر جوانی اور زندگانی کی خوشی حاصل ہونے لگتی ہے، خواہش انسانی بہتر اور پرزور ہو جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۶ گرام یہ لبوب صبح کو کھا کر ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ سے پئیں۔

مذکورہ ادویات کے علاوہ معجون فلاسفہ، جوارش مصطگی، جوارش جالینوس بھی اس مرض میں فائدہ کرتی ہے۔

## ذیابیطس غیر شکری
## (پیشاب کا بار بار آنا اور زیادہ آنا)
## DIABETES INSPIDUS

**قرص/کشتہ بیضہ مرغ**

جریان اور پیشاب کی زیادتی میں مفید ہے، ذیابیطس میں بھی فائدہ پہنچاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی گرام یا ۲ قرص معجون فلاسفہ ۵ گرام یا دیگر مناسب ادویہ کے ساتھ استعمال کریں۔

**قرص/کشتہ زمرد**

ضعف جگر میں مفید ہے، جگر اور دل کو قوت بخشتا ہے، پیشاب کی زیادتی کو روکتا ہے، مثانہ کی حرارت کی وجہ سے جو جریان کی شکایت ہو جاتی ہے، اس کے لیے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳۰ ملی گرام یا ۱ قرص جوارش زرعونی عنبری نسخہ کلاں ۵ گرام میں ملا کر کھائیں۔

**معجون کندر**

بار بار اور جلدی جلدی پیشاب آنے کے مرض میں مفید، اور مثانہ کو قوت دیتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام اس معجون میں کشتہ بیضہ مرغ یا کشتہ خبث الحدید ۱۲۵ ملی گرام ملا کر استعمال کریں۔

**قرص ذیابیطس**

مرض ذیابیطس میں نہایت مفید ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گولی صبح وشام چھاچھ یا پانی کے ساتھ لیں۔

## ذیابیطس شکری (پیشاب میں شکر آنا)
## DIABETES MELLITUS

**شکرینو (پیٹنٹ دوا)**

ذیابیطس شکری ایسی بیماری ہے جس میں ڈاکٹر اور دوسرے طبیب بے بس ہو جاتے ہیں اور سوائے اس کے کہ بیرونی طور سے خون میں شکر کم کرنے والی دوائیں یا انسولین کے انجکشن تجویز کر دیں اور کوئی چارۂ کار نہیں ہوتا۔ ایسے معالجہ سے مریض ان ادویات کا عادی ہو جاتا ہے۔ ایسی حالت میں ریکس ریمیڈیز کی جدید تحقیقات کی روشنی میں تیار کردہ شکرینو کے استعمال کرنے سے حیرت انگیز فائدہ ہوتا ہے اور مرض آہستہ آہستہ دور ہوتا چلا جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

**ترکیب استعمال:** ۲-۲ گولی صبح اور شام پانی سے استعمال کریں اور جیسے جیسے پیشاب میں شکر آنی کم ہو جائے دوا کی خوراک کم کرتے جائیں۔

## حرقۃ البول واحتباس البول
## (پیشاب جلن سے آنا ومشکل سے آنا)
## BURNING MICTURITION & DYSURIA

**سفوف اندری جلاب**

پیشاب لاتا ہے، سوزاک میں پیشاب کی نالی کو صاف کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ سفوف گائے کے دودھ کی لسی کے ساتھ کھائیں۔ اس کے علاوہ شربت بزوری معتدل، شربت آلو بالو وسوزا کی بھی مفید ہے۔ جس کا ذکر پچھلے صفحات میں موجود ہے۔

## بستر میں پیشاب نکل آنا
## BED WETTING

معجون کندر، معجون فلاسفہ، کشتہ بیضہ مرغ وجوارش جالینوس اس مرض میں مفید ہیں۔

## سلسل البول
## (بے ارادہ قطرہ قطرہ پیشاب نکل آنا)
## INCONTINENCE OF URIN

**معجون ماسک البول**

مثانہ کو طاقت دیتی اور پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے۔ رات کو نیند کی حالت میں پیشاب نکل جانے کے لئے بھی مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ معجون رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

بستر پر پیشاب نکل جانے کے زیر عنوان لکھی گئی ادویات سلسل البول میں بھی مفید ہیں۔

## بول زلالی (پیشاب میں البومن آنا)
## ALBUMINURIA

کشتہ زمرد اس مرض میں مفید ہے۔

## وجع الکلیہ (گردہ کا درد)
## NEPHRALGIA

اکسیر گردہ، کشتہ حجر الیہود گردوں کے درد میں مفید ہے۔

## بول الدم (پیشاب میں خون نکل آنا)
## HAEMATURIA

شربت بزوری معتدل، شربت انجبار اور کشتہ عقیق پیشاب میں خون آنے کو روکتا ہے۔

# مردوں کے خاص امراض
# DISEASES OF MALES

## ضعف باہ (مردانہ طاقت کی کمی)
## SEXUAL DEBILITY

**شباب اعظم** **(پیٹنٹ دوا)**

مردانہ طاقت وصلاحیت قدرت کی طرف سے عطا کردہ ایک بیش بہا سرمایہ ہے۔ ازدواجی زندگی کی خوشیوں کا دارومدار مردانہ صلاحیتوں پر منحصر ہے، اس لیے اس کی حفاظت نہایت ضروری ہے۔ "شباب اعظم" مردانہ قوتوں وصلاحیتوں کو قائم رکھنے میں بے حد مددگار ثابت ہوئی ہے۔ کیونکہ یہ معجون اعضائے تناسل میں تناؤ وتحریک پیدا کرتی ہے۔ تضیب کو سخت وفربہ بناتی ہے۔ مقوی اعصاب واعضائے رئیسہ ہے اس کے استعمال سے مادہ منویہ کثرت سے بنتا ہے اور اس میں رکاوٹ کی طاقت بہت زیادہ ہو جاتی ہے اور مباشرت کے وقت مادہ منویہ دیر سے خارج ہوتا ہے جس کی وجہ سے جماع کے دوران دونوں فریقوں کو بے پناہ لذت محسوس ہوتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام رات کو ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ سے استعمال کریں۔



**جوہر خصیہ** **(پیٹنٹ دوا)**

مادہ تولید کی پیدائش بڑھا کر اور مادہ منویہ کو غلیظ کر کے ضعف باہ دور کرتا ہے۔ نیز عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے اور حرارت غریزی کو بڑھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ا گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ کھلائیں، اگر لبوب کبیر یا معجون ثعلب ۵ گرام میں ملا کر کھلائیں اور اوپر سے دودھ پلائیں تو زیادہ مفید ثابت ہوگا۔

**حب مقوی**

انسانی قوت کا مرکزی خزانہ دل، دماغ، گردے و انثیین ہیں جن کے صحیح فعل پر انسان کی صحت، قوت اور جوانی کا دارومدار ہے۔ اگر ان مرکزی اعضاء میں سے کسی ایک فعل میں خرابی پیدا ہو جائے تو مختلف شکایات وامراض پیدا ہونے شروع ہو جاتے ہیں مثلاً دماغی وجسمانی کمزوری، معدے کی خرابی، دردسر، ضعف بصارت، بے خوابی، سستی، تھکن اور ان سے بھی خراب شکایات قوت مردی کی کمزوری مثلاً جریان، احتلام، سرعت انزال، رقت منی وغیرہ "ریکس ریمیڈیز" کی تیار کردہ حب مقوی ایسے اجزاء کا مرکب ہے جو مرکزی نظام پر براہ راست اثر ڈالتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب مقوی استعمال کرنے والوں کی تمام تر قوتیں بحال رہتی ہیں اور ان میں جوش و قوت کا ولولہ پیدا ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی رات کو کسی پھل کے رس کے ساتھ دودھ سے استعمال کریں۔

**حب عنبر مومیائی**

مردانہ قوتوں کی محافظ ہے۔ نوجوانی کی غلط کاری سے اعضاء تناسل اور اعضاء رئیسہ میں جو ضعف پیدا ہو جاتا ہے اسے دور کرتی ہے۔ مباشرت کے بعد اگر معمول سے زیادہ کمزوری ہو جاتی ہے، اور پھر کئی روز طبیعت اس طرف متوجہ نہیں ہوتی تو اس دوا کے فوائد تعریف سے بالاتر ہیں۔ مناسب عرصہ تک استعمال کرنے سے یہ دوا خود اپنے بہتر فوائد کا احساس کرا دیتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح وشام گرم دودھ سے استعمال کریں۔

**حب نشاط**

یہ گولیاں مقوی باہ وممسک ہیں ان کے لگاتار استعمال سے رقت وسرعت کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** غذا کے ہضم ہونے کے بعد مباشرت سے دو گھنٹے پہلے ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ کھائیں۔

Scanned by CamScanner

### قرص / کشتہ ھنگرف

عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ بھوک خوب لگاتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا اور خون کی پیدائش کو بڑھاتا ہے۔ بلغمی کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔ جاڑوں کے موسم میں ضعیف العمر افراد کے لیے بہت اچھی دوا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی گرام یا ۱ گولی جوارش جالینوس ۵ گرام کے ہمراہ استعمال کریں۔

### معجون اسپند سوختنی

ایک خاص بوٹی اس کا جزو اعظم ہے اور ایک خاص طریقے سے تیار کی جاتی ہے، قوت مردانہ کی حفاظت و ترقی اور قوت ماسکہ کی اصلاح کہ جس سے سرعت انزال کی شکایت جاتی رہے، اس کے قابل اعتماد فوائد ہیں عضو مخصوص میں سختی پیدا کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک دودھ کے ساتھ کھائیں۔

### معجون انجدان خاص (پیٹنٹ دوا)

جریان منی، جریان مذی، جریان ودی تینوں قسم کے جریان میں یہ معجون نہایت مفید ہے۔ منی کو گاڑھا کرتی ہے اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے و امساک پیدا کرتی ہے۔ غدہ مذی کے بڑھ جانے اور اس کے ورم کی شکل میں نہایت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۔۵ گرام یہ معجون صبح و شام تازہ پانی یا دودھ سے استعمال کریں۔

### معجون پیاز

پیاز میں قوت مردانہ کے لیے ایک خاص جزو مؤثرہ ہے، پیاز کا یہ جزو اس معجون کا جزو اعظم ہے جسے اس معجون میں کیمیاوی طریق سے حاصل اور محفوظ کیا گیا ہے۔ یہ معجون قوت مردانہ میں زور اور طاقت پیدا کرتی ہے۔ گردوں کو قوی کرتی ہے، مادہ منویہ کی پیدائش بڑھاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام تازہ پانی یا دودھ سے کھائیں۔

### حلوائے ثعلب

یہ حلوا اعلا درجہ کا مقوی باہ ہے۔ مادۂ تولید (منی) کی پیدائش کو بڑھاتا ہے اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے، دماغی کمزوری کے لئے بھی مفید ہے، بدن میں خون کی پیدائش کو بڑھاتا ہے اور اس کو فربہ بناتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ گرام یہ حلوا صبح کو کھا کر ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔

### لبوب صغیر

مادۂ تولید (منی) کی پیدائش کو زیادہ کرتا اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام یہ لبوب صبح کو کھا کر ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔

### معجون ثعلب

قوت مردانہ کے ضعف اور جریان کو دور کرتی ہے اور مادہ تولید کی رقت کی اصلاح کرتی ہے، اعضاء رجولیت کی سستی اور ڈھیلے پن کو زائل کر کے ان میں قوت اور سختی لاتی ہے اور تین چار ہفتے استعمال



کرنے کے بعد مریض کو نئی قوتوں کا مشاہدہ کرا دیتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح دودھ کے ساتھ کھائیں۔

### حب جالینوس

یہ گولیاں اعصاب کو قوت دیتیں اور قوت باہ کو بڑھاتی ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گولیاں صبح یا رات کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

### معجون جالینوس لولوی

مردانہ قوت میں اضافہ کرتی ہے، عضو مخصوص کے پٹھوں کی قوت اور جوش کو برقرار رکھتی ہے صاف اور عمدہ خون بکثرت پیدا کرتی ہے، جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح و رات کو ۵، ۵ گرام یہ معجون دودھ سے کھلائیں۔ مزید فائدے کے لئے ایک ایک گولی حب عنبر مومیائی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

### معجون جلالی

یہ معجون نہایت عمدہ محرک اور مقوی باہ ہے، آلات تناسل کو غذائیت پہنچا کر ان کے افعال کو تیز کر دیتی ہے، دماغی قوت پر بھی محرک اثر ڈالتی ہے، اس لیے اس کے استعمال سے قوت باہ میں تحریک پیدا ہوتی ہے، امساک کی قوت بڑھا کر جنسی وظیفہ کی لذت میں اضافہ کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ صبح ۵ گرام یہ معجون دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## احتلام، جریان

(سوتے میں اور پیشاب میں مادہ منویہ کا خارج ہونا)

**NOCTURNAL EMMISSION SPERMATHORREA AND PREMATURE EJACULATION**

### جریانی (پیٹنٹ دوا)

غلط کار نوجوان بچپن کی غلط عادت کی وجہ سے انسانی قوتوں کو فنا کر دینے والی بیماری میں مبتلا ہو جاتے ہیں، جن کی وجہ سے رات کو بے خبری میں کپڑے خراب ہو جاتے ہیں، احتلام کی زیادتی کے اسباب میں سے ایک سبب یہ بھی ہوتا ہے کہ غلط کاری، خلاف فطری افعال یا کثرت مجامعت سے غدہ منی میں سوزش اور دغدغہ پیدا ہو کر خون اور ریح کے معمولی دباؤ پر مادہ تولید خارج ہو جاتا ہے۔ "جریانی" ایسی مسکن دوا ہے جو غدہ منی کو سوزش اور دغدغہ کو ختم کر کے احتلام بند کر دیتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۔۲ گولی صبح و رات معجون آرد خرما ۱۰۔۱۰ گرام کے ساتھ دودھ یا پانی سے استعمال کرائیں۔

### حب جریان

ہر قسم کے جریان کو دور کرتی ہے، گردہ اور مثانہ کو قوت پہنچاتی ہے، پیشاب کے ساتھ یا بعد قطرہ آنے یا دھات کے بگڑے ہوئے قوام کو درست کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو دو گولی صبح و شام پانی کے ساتھ کھلائیں مزید فائدے کے لیے معجون مغلظ سادہ ۶ گرام کے ساتھ استعمال کرائیں۔

Scanned by CamScanner


## گیسو دراز
(ہیئر پاؤڈر)




بالوں کو لمبا اور ملائم کرتا ہے نیز بالوں کو خشکی سے محفوظ اور صاف رکھتا ہے، بالوں کو گرنے اور وقت سے پہلے سفید ہونے سے روکتا ہے

زلفوں کو حسین بنائیں ______ ہیئرٹون ہیئر آئل اپنائیں

تیرہ جڑی بوٹیوں سے روغن کنجد میں تیار کیا گیا



## ہیئرٹون
(ہیئر آئل)

بالوں کو غذا پہونچاتا اور بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے
پرسکون نیند لاتا ہے اور بالوں کو تندرست، گھنا، سیاہ
اور ریشم کی مانند ملائم بنائے رکھتا ہے




مردوں، عورتوں اور بچوں کے لیے
وٹامن، پروٹین ومقوی اجزائے بھرپور

## ریکس ہیلتھ ٹانک

چستی وتوانائی کا خزانہ
طلبہ، کھلاڑیوں اور دودھ پلانے والی ماؤں کے لیے خاص تحفہ



موسم کی تبدیلی ............ پریشانی کا سبب

مہاسے، پھوڑے پھنسی سے چھٹکارا پائیں
جلد کی بیماریاں کیل مہاسے، جھائیاں،
گرمی دانے، خارش وغیرہ کو دور بھگائیں

## مصفی عجیب




کو استعمال میں لائیں
اور راحت و آرام پائیں

مصفی عجیب
خون صاف کرے ۔ مکمل طور پر

REX(U&A) REMEDIES PVT. LTD.
ریکس ریمیڈیز پرائیویٹ لمیٹیڈ دہلی
A-51/1, G.T. Karnal Road, Indl. Area, Delhi-33
Phone: 27432093,27216583,27118106, Fax:27118302
Website: www.rexremedies.com
250 سے زائد اعلیٰ معیاری یونانی دوائیں بنانے والی ایوارڈ یافتہ کمپنی
e-mail: rexremedies@hotmail.com / info@rexremedies.com

**سفوف اصل السوس**
جریان اور رقت کو دور کرتا ہے قبض کشا بھی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام دودھ سے کھائیں۔

**سفوف بیجبند**
جریان، رقت، سرعت و احتلام کے لیے نہایت مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ سفوف تازہ دودھ سے استعمال کریں۔

**قرص / کشتہ صدف**
مردوں کے جریان اور عورتوں کے سیلان الرحم (لیکوریا) میں مفید ہے، دل کو قوت دیتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی گرام یا قرص ۶ گرام معجون سپاری پاک میں ملا کر استعمال کریں۔

**قرص / کشتہ قلعی**
جریان، احتلام، سرعت انزال، کے لیے مفید ہے، مادہ منویہ کے قوام کو گاڑھا کرتا ہے اور اس کی پیدائش بڑھاتا ہے۔ ہر موسم میں اور ہر عمر کے آدمی کے لئے مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی گرام یا ۲ گولی معجون آرد خرما میں ملا کر استعمال کریں۔

**قرص / کشتہ مثلث**
جریان، رقت و سرعت اور کثرت احتلام میں مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۳۰ تا ۶۰ ملی گرام یا ۲ قرص معجون آرد خرما ۱۰ گرام میں رکھ کر کھلائیں۔

**معجون آرد خرما**
یہ معجون اعضائے تناسل کی بڑھی ہوئی حس کو کم کر کے جریان، رقت اور سرعت انزال کو دور کرتی ہے، تولیدی مادہ کے قوام کو درست کر کے قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ اس میں قبض دور کرنے والی دوائیں شامل کر کے اس کی قوت قابضہ کی اصلاح کر دی گئی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام معجون میں کشتہ قلعی ملا کر صبح دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ صرف معجون بھی کھا سکتے ہیں۔

**معجون انجدان خاص** (پیٹنٹ دوا)
جریان منی، جریان مذی، جریان ودی تینوں قسم کے جریان میں یہ معجون نہایت مفید ہے۔ منی کو گاڑھا کرتی ہے اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے و اساک پیدا کرتی ہے۔ غدہ مذی کے بڑھ جانے اور اس کے ورم کی شکل میں نہایت مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵۔۵ گرام یہ معجون صبح و شام تازہ پانی یا دودھ سے استعمال کریں۔

## سرعت

(مادہ منویہ جلدی خارج ہونا)

**حب جدوار**
مقوی باہ اور ممسک ہے اس کے علاوہ دماغ کو بھی طاقت دیتی ہے۔ سرعت و رقت کی شکایت دور کرتی ہے نیز کھانسی و نزلہ میں بھی مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۔ ا گولی صبح و شام خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا ۶ گرام کے ساتھ دودھ سے استعمال کرائیں۔



**حب ممسک**
قوت بڑھاتی ہے اور انزال میں ٹھہراؤ پیدا کرتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ا گولی روزانہ رات سوتے وقت استعمال کریں۔ مزید فائدے کے لیے معجون جلالی ۶ گرام کے ساتھ کھلائیں۔

**گولی نواب علی شاہ** (پیٹنٹ دوا)
مقوی اعصاب و رئیسہ ہے۔ یہ اعضاء تناسل میں تناؤ و تحریک پیدا کرتی ہے۔ اس گولی میں ایسے اجزاء شامل ہیں جو اعضائے تناسل کو غذائیت بھی دیتے ہیں جس کی وجہ سے مادہ منویہ کثرت سے بنتا ہے اور اس میں ٹھہراؤ کی طاقت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ مادہ منویہ میں ٹھہراؤ پیدا ہو جانے سے جماع کے وقت مادہ منویہ دیر سے خارج ہوتا ہے اور لذت میں اضافہ کا سبب بنتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** امساک اور لذت میں اضافہ کے لیے مباشرت سے ۲ گھنٹہ قبل ا گولی دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ جن لوگوں کی قوت اساک مستقل کمزور رہتی ہے وہ کافی عرصہ تک آدھی گولی معجون جلالی یا لبوب کبیر ۱۰ گرام کے ساتھ رات کو سوتے وقت دودھ سے استعمال کریں۔

**معجون فلاسفہ**
قوت باہ اور مادہ تولید کی پیدائش کو بڑھاتی ہے، درد کمر، درد گردہ اور وجع مفاصل میں مفید ہے، مثانہ کو قوت دے کر پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے۔ بھوک کو بڑھاتی ہے اور ہضم درست کر کے منہ کی بدبو دور کرتی ہے، چہرے کی رنگت کو نکھارتی ہے، مقوی اعصاب ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک یہ معجون صبح و شام تازہ پانی یا دودھ سے استعمال کریں۔

**معجون مغلظ**
مغلظ منی ہے، باہ کو طاقت دیتی ہے، سرعت و جریان میں مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک یہ معجون دودھ سے صبح کھائیں۔

**معجون مغلظ جواھر** (پیٹنٹ دوا)
مادہ تولید کے پتلے پن کی اصلاح کرتی ہے۔ منی کو گاڑھا کرتی ہے، قدرتی اساک کی طاقت پیدا کرتی ہے۔ جریان کی شکایت میں مفید ہے
**ترکیب استعمال:** ۵/۵ گرام صبح و شام ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**معجون ممسک مقوی**
جن نوجوانوں نے نادانی اور حماقت سے اعضاء مردی کو اپنے ہاتھوں خراب کیا ہے وہ شادی کے بعد سرعت انزال کی شکایت میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور اولاد پیدا کرنے سے قاصر رہتے ہیں۔ ایسے مریضوں کے لیے ''ریکس ریمیڈیز'' کی تیار کردہ یہ دوا نہایت مفید ہے۔ ذکاوت حس اور سرعت و رقت کی شکایت میں اس کا استعمال کرشماتی طور سے مفید ثابت ہوا ہے۔
**ترکیب استعمال:** وقتی فائدہ کے لیے ضرورت سے ا گھنٹہ قبل ۲ گرام یہ دوا دودھ کے ساتھ استعمال کریں مستقل فائدے کے لیے ا گرام روزانہ رات کو سوتے وقت دودھ سے استعمال کریں۔

Scanned by CamScanner

## عضو مخصوص کی لاغری، نرمی وکجی
## عضو مخصوص کی کمزوری وٹیڑھا پن
**WEAKNESS AND LOSS OF ERECTION OF THE PENIS**

**فربہ** (پیٹنٹ دوا)
مردانہ عضو خاص کی رگوں اور پٹھوں کو طاقت دیتا ہے عضوی نقائص کو دور، سستی اور کجی کو دور کرتا ہے اور مزید یہ کہ عضو مخصوص کو فربہ (لمبائی وموٹائی) بناتا ہے جس کی وجہ سے آدمی جنسی فعل سے بھرپور لطف اندوز ہوتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** دوا کے ساتھ

## ورم انثیین (فوطوں کا ورم)
**ORHITIS**

اس مرض میں اطریفل شاہترہ اور معجون عشبہ مفید ہیں۔

## حکۃ الصفن (فوطوں کی خارش)
**ITCHING OF THE TESTICLES**

مصفی عجیب، شربت عناب اور معجون چوب چینی فوطوں کی خارش کو دور کرتے ہیں۔

## قلت منی
**OLISGOSPERMIA**

**جوہر خصیہ** (پیٹنٹ دوا)
مادہ تولید کی پیدائش بڑھا کر اور مادہ منویہ کو غلیظ کر کے ضعف باہ دور کرتا ہے نیز عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے اور حرارت غریزی کو بڑھاتا ہے۔
**ترکیب استعمال:** ایک گرام صبح ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ اگر لبوب کبیر یا معجون ثعلب ۵ گرام میں ملا کر کھلائیں اور اوپر سے دودھ پلائیں تو زیادہ مفید ثابت ہوگا۔

## عورتوں کی مخصوص بیماریاں
**DISEASES OF THE FEMALES**

## سیلان وورم رحم
## (سفید رطوبت کا جانا ورحم کا ورم)
**LEUCORRHOEA AND ENDOMETRIOSIS**

**حب مرواریدی**
ورم رحم سیلان کی بہترین دوا ہے۔ جن عورتوں کو سیلان (لیکوریا) کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے ان کا حسن برباد ہو کر جوانی میں ہی بڑھاپے کا آغاز ہو جاتا ہے۔ یہ دوا رحم کی اندرونی ساخت پر اثر انداز ہو کر سفید رطوبت کے بہنے کو موثر طریقے سے روکتی ہے اور کسی طرح کا نقصان نہیں ہوتا۔ اس دوا کے استعمال سے ورم رحم اور رحم کی دوسری شکایات آہستہ آہستہ دور ہو کر نئی جوانی وزندگی حاصل ہوتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی معجون مقوی رحم ۶ گرام کے ساتھ صبح ورات میں دودھ یا پانی سے استعمال کرائیں۔

**مرہم داخلیون**
رحم اور متعلقات رحم کے ورم کو تحلیل کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔ اس کے استعمال سے رحم کی سختی بھی دور ہو جاتی ہے نیز رسولیاں اور گلٹیاں اس کے لگاتار استعمال سے گھل جاتی ہیں۔
**ترکیب استعمال:** یہ مرہم ۵ گرام لے کر اس میں ہری کوہ کا پانی ۵ ملی لیٹر ملائیں اور اس میں



روئی لتھیڑ کر دایہ سے اندام نہانی میں رکھوائیں۔ اگر ہری کوہ نہ ملے تو تنہا مرہم استعمال کریں۔

**ریکس سپاری پاؤڈر** (پیٹنٹ دوا)
ریکس کا تیار کردہ یہ اعلیٰ قسم کا سپاری پاک پاؤڈر ہے جو آیورویدک کی مشہور دوا ہے۔ عورتوں کے شویت پردر (سیلان الرحم) اور حیض کی زیادتی وغیرہ کے لیے نہایت کامیاب دوا ہے کمر وجوڑوں کے درد کو دور کرتی ہے، رحم کو طاقتور بناتی اور استقرار حمل کی استعداد پیدا کرتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ مردوں کے ضعف باہ اور رقت میں بھی نہایت مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** دوا کے ساتھ

**سفوف سیلان**
سیلان الرحم کے لئے مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ سفوف پانی سے کھائیں۔

**عرق زچہ خاص** (پیٹنٹ دوا)
زچگی کے بعد ہونے والی تکالیف میں نہایت و ضروری دوا ہے جو تمام اندرونی اعضاء مثلاً جگر، معدہ، آنتوں ورحم کے ورموں کو تحلیل کرتا، اندرونی گرمی کو ختم کرتا دل کو فرحت بخشتا ہے۔ مرض پرسوت جس میں ذرا سردی یا پانی کے چھینٹے لگنے سے بخار و بدن میں درد ہو جاتا ہے، میں نہایت مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۵۰ ملی لیٹر صبح وشام۔

**قرص / کشتہ مروارید**
دل کو قوت وفرحت بخشتا ہے مردوں کے جریان اور عورتوں کے سیلان میں مفید ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۳۰ ملی گرام یا ۲ قرص خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

**لیکوریکس** (پیٹنٹ دوا)
سیلان مہبلی میں آجکل ۷۵ فیصدی خواتین مبتلا ہیں۔ اس مرض میں اندام نہانی میں خارش ہوتی ہے۔ کمر میں درد، پیروں میں بوجھ اور درد کی شکایت رہتی ہے، انڈے کی سفیدی کے مانند ایک سفید لیس دار رطوبت خارج ہوتی ہے، پیشاب کی بار بار حاجت ہوتی ہے، چہرہ بے رونق اور طبیعت نڈھال رہتی ہے۔ ایسی حالت میں "لیکوریکس" بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۲ گولی صبح دودھ سے استعمال کرائیں۔ اگر دودھ میں مکھن ملا کر پلایا جائے تو جلد فائدہ ہوتا ہے۔ مزید فائدہ کے لیے معجون سپاری پاک ۶ گرام کے ساتھ استعمال کریں۔

**معجون زنجبیل**
درد وورم رحم اور سیلان میں مفید ہے۔ وضع حمل کے بعد کی کمزوری اور ماہواری کے بے قاعدگی کو دور کرتی ہے۔
**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام یہ معجون صبح یا رات کو سوتے وقت دودھ سے استعمال کریں۔

**معجون سپاری پاک**
مقوی باہ ہے۔ جریان اور سرعت کی بیماری میں مفید ہے، عورتوں کے سیلان (پرسوت) کی مخصوص دوا ہے۔ عورت کی اس کمزوری کو دور کرتی ہے جس کی وجہ سے حمل نہیں ٹھہرتا۔

Scanned by CamScanner

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام یہ معجون دودھ کے ساتھ کھائیں۔

**معجون سہاگ سونٹھ**

عورتوں کے اکثر امراض میں مفید ہے۔ رحم کو طاقت دیتی اور اس کی کئی خرابیوں کو دور کرتی ہے، درد کمر کو تسکین دیتی اور بچہ پیدا ہونے کے بعد کی کمزوری کو رفع کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام یہ معجون صبح کو ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ سے کھائیں۔

**معجون موچرس**

سیلان الرحم (لیکوریا) کے لئے مفید ہے، رحم کی خراب رطوبتوں کو خشک کرتی ہے اور مقوی رحم ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ معجون دودھ سے استعمال کریں۔

## ضعف رحم (بچہ دانی کی کمزوری)

**ATONY OF UTERUS**

**حب حمل**

اگر ضعف رحم، ورم رحم یا رحم کی کسی اور خرابی کی وجہ سے بانجھ پن کی شکایت ہے تو ایسی حالت میں حب حمل کا استعمال اکسیری حکم رکھتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایام ماہواری سے فراغت کے بعد ایک گولی صبح نہار منہ تازہ پانی سے استعمال کی جائے۔ تین روز تک متواتر ایک گولی روزانہ استعمال کریں۔ اگر اس طرح پہلے ماہ میں استقرار حمل نہ ہو تو دوسرے و تیسرے مہینے میں بھی اسی طرح دوا استعمال کی جائے۔ انشاءاللہ استقرار حمل ہوگا۔

**ریکس سپاری پاؤڈر (پیٹنٹ دوا)**

ریکس کا تیار کردہ یہ اعلیٰ قسم کا سپاری پاک پاؤڈر ہے جو آیورویدک کی مشہور دوا ہے۔ عورتوں کے شویت پردر (سیلان الرحم) اور حیض کی زیادتی وغیرہ کے لیے نہایت کامیاب دوا ہے۔ کمر و جوڑوں کے درد کو دور کرتی ہے، رحم کو طاقتور بناتی اور استقرار حمل کی استعداد پیدا کرتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ مردوں کے ضعف باہ اور رقت میں بھی نہایت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** دوا کے ساتھ

**معجون سپاری پاک**

مقوی باہ ہے، جریان اور سرعت کی بیماری میں مفید ہے، عورتوں کے سیلان (پردرت) کی مخصوص دوا ہے۔ عورت کی اس کمزوری کو دور کرتی ہے جس کی وجہ سے حمل نہیں ٹھہرتا۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام یہ معجون دودھ کے ساتھ کھائیں۔

**معجون حمل عنبری علوی خانی**

مشہور حکیم علوی خان کے اصل اور صحیح نسخہ کی معجون یہی ہے جو اسقاط حمل کی بیماری کے لیے یا جن کا بچہ ام الصبیان (بچوں کی مرگی) میں مبتلا ہو کر ضائع ہو جاتا ہے ان کے لیے بہت مفید ہے حمل کے تیسرے مہینے اس کا استعمال شروع کیا جائے اور ساتویں ماہ کے آخر تک متواتر استعمال کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ معجون روزانہ دودھ یا پانی سے استعمال کریں۔



**معجون نشارۂ عاج والی**

جو عورتیں اسقاط حمل کی عادی ہوتی ہیں، تیسرے چوتھے مہینے ان کے حمل ساقط ہوتے رہتے ہیں، اس معجون کے استعمال سے ان کا حمل محفوظ رہتا ہے اور صحیح وقت پر تندرست و توانا بچہ پیدا ہوتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ معجون صبح کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

**معجون مقوی رحم**

رحم کے اکثر امراض ضعف الرحم کے فعل کی خرابی کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں مثلاً عنق الرحم کا ورم مزمن، ورم رحم، اسقاط رحم وغیرہ (معجون مقوی رحم) ضعف الرحم کے افعال کو باقاعدہ کرتی ہے۔ رحم کو طاقت پہنچاتی ہے، بیضہ دان کو قوت بخشتی ہے اس لئے معجون مقوی رحم، بانجھ پن، بچے کمزور یا قبل از وقت پیدا ہونے اور بار بار اسقاط حمل کی شکایت کو دور کرتی ہے۔ اس کے علاوہ سیلان الرحم (لیکوریا) اور ہسٹریا (اختناق الرحم) میں مفید ہے۔ معجون مقوی رحم استعمال کرنے والی عورتوں کی صحت اور حسن ہمیشہ برقرار رہتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام یہ معجون صبح روزانہ نہار منہ تازہ گرم دودھ سے استعمال کریں۔

## استقرار حمل

**حلوا سپاری پاک**

جو مرد و عورت اولاد سے محروم ہوں اور ان میں کوئی عضوی خرابی نہ ہو وہ دونوں اس حلوے کو ۴۰ دن استعمال کریں، اگر خدا نے چاہا تو ان کی امید پوری ہوگی۔ مردوں کا جریان، رقت و سرعت اور عورتوں کا سیلان بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ گرام یہ حلوا روزانہ صبح سویرے نہار منہ ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ سے کھائیں۔

## کثرت الطمث (مہینے کا زیادہ آنا)

**MENORRHAGIA**

**شربت انجبار**

خون کو روکتا ہے، پھیپھڑوں کے زخم میں مفید ہے، معدہ اور جگر کی حرارت کو زائل کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ ملی لیٹر یہ شربت پانی میں ملا کر پئیں یا دوسری دواؤں کے ساتھ بطور معاون دوا کے استعمال کریں۔

## عسر الطمث (مہینے کا تکلیف سے آنا)

**DYSMENORRHOEA**

**حب مدر**

ایام ماہواری بند ہونے یا رک رک کر آنے کی شکایات میں مفید ہے۔ رحم کے عضلات میں طبعی حرکات پیدا کرکے فاسد خون کے اخراج میں باقاعدگی پیدا کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح، دوپہر اور شام پانی سے استعمال کریں۔

ممانعت: ایام حمل میں استعمال کی ممانعت ہے۔

**مینوریکس (پیٹنٹ دوا)**

ایام ماہواری کی ناقابل برداشت تکلیف کو دور کرکے اس میں باقاعدگی لاتی ہے، خون حیض درد کے ساتھ آنے میں مفید ہے اور اس دوران اعصاب کو قوت دے کر پست و توانا بنائے رکھتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح یا رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی میں ۱۰ ملی لیٹر ملا کر پییں۔

## کشادگی (مہبل کا ڈھیل جانا)

**VAGINAL LAXATION**

حب مرواریدی، لیکوریکس، معجون سپاری پاک، معجون موچرس اور سفوف سیلان مفید ہیں۔

# امراض مفاصل

## (جوڑوں کی بیماریاں)

**DISEASES OF JOINTS**

## وجع المفاصل (جوڑوں کا درد)

**ARTHRITIS**

### پین ریکس (پیٹنٹ دوا)

ریکس ریمیڈیز کی تیار کردہ خاص دوا ہے جو ہر قسم کے درد کو فوراً راحت پہنچاتی ہے جیسے جوڑوں کا درد، گٹھیا کا درد، چوٹ اور موچ سے ہونے والا درد وغیرہ۔

**ترکیب استعمال:** دوا کے ساتھ۔

### روغن بابونہ

گٹھیا کے درد، کان کے درد اور دیگر دردوں کو آرام دیتا ہے۔ سوجن کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** گنگنا ملکر روئی گرم کرکے باندھیں۔ کان کے درد میں اسکی ایک دو بوند ڈالیں۔

### قرص سیفرن

پٹھوں، ٹانگوں، کمر، بازو اور ہوا کے درد میں انتہائی مفید ہے۔ ہائی بلڈ پریشر میں بھی فائدہ مند ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گولی صبح و شام کھانے کے آدھے گھنٹے بعد تازہ پانی سے استعمال کریں۔ ہائی بلڈ پریشر والے مریض ایک۔ایک گولی استعمال کریں۔

### قرص / کشتہ گود نتی

آتشک، گٹھیا، فالج اور لقوہ کے لیے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۶۰ ملی گرام یا ۲ قرص معجون جوگراج گوگل یا معجون چوب چینی نسخہ خاص ۵ گرام ملا کر استعمال کریں۔

### معجون چوب چینی

جوڑوں کے درد کے لیے جس کا سبب آتشک ہو نہایت مفید ہے، مصفی خون ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح یا رات کو پانی سے کھائیں۔

### معجون سورنجان

گٹھیا اور نقرس میں مفید ہے، عرق النسا کا درد خواہ خلط صفرا کے بگاڑ سے ہو خواہ زیادتی بلغم سے دونوں حالتوں میں مادہ مرض کو خارج کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام سے ۱۰ گرام یہ معجون رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

نوٹ:۔ مذکورہ ادویات کے علاوہ حب اسگند، حب سورنجان، حب ازراقی، روغن سورنجان، روغن سرخ اور معجون فلاسفہ بھی مستعمل ہیں جن کا ذکر پچھلے صفحات میں کیا جا چکا ہے۔

## نقرس و کمر درد

**GOUT & BACKACHE**

### پین ریکس (پیٹنٹ دوا)

"ریکس ریمیڈیز" کی تیار کردہ خاص دوا ہے جو ہر قسم کے درد کو فوراً راحت پہنچاتی ہے جیسے جوڑوں



کا درد، گٹھیا کا درد، چوٹ اور موچ سے ہونے والا درد وغیرہ۔

**ترکیب استعمال:** دوا کے ساتھ۔

اسکے علاوہ جوارش زرعونی عنبری نسخہ کلاں اور بعنوان "وجع المفاصل" کے تحت تحریر ادویات مفید ہیں۔

# امراض فساد خون

## (خون کی خرابی سے پیدا ہونے والی بیماریاں)

**DISEASES OF BLOOD IMPURITIES**

## پھنسی، زخم و خارش

**BOILS ULCERS & SCABIES**

### حب مصفی خون

خون کی صفائی کے لیے بے حد مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲-۲ گولیاں صبح و شام پانی سے کھائیں۔

### شربت عناب

خون کو صاف کرتا ہے، دردسر، کھانسی، سینہ کے درد اور خون کے جوش میں نفع دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ سے ۵۰ ملی لیٹر تک یہ شربت پانی میں ملا کر پلائیں۔

### شربت مرکب مصفی خون

خون صاف کرتا ہے اور سوداوی مادہ کا تنقیہ کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰ ملی لیٹر یہ شربت پانی میں ملا کر پییں۔

### عرق شاہترہ

مصفی خون ہے، پرانے بخاروں کو دور کرتا ہے، خون کی گرمی اور جوش کو تسکین دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر اس عرق میں ۲۵ ملی لیٹر شربت عناب ملا کر صبح پییں۔

### عرق عشبہ

خون کو صاف کرتا ہے، سوداوی بیماریوں، درد مفاصل، آتشک اور پرانے سوزاک میں مفید ہے

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر یہ عرق ۵ گرام معجون عشبہ کے ساتھ استعمال کریں۔

### عرق مرکب مصفی خون

سوداوی امراض، آتشک و سوزاک میں مفید ہے پھوڑے و پھنسیوں کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر میں ۲۵ ملی لیٹر شربت عناب ملا کر استعمال کریں۔

### عرق منڈی

خون کو صاف کرتا ہے۔ بینائی کو قوت دیتا ہے، اعضائے رئیسہ اور ارواح کو طاقت دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی لیٹر، یہ عرق، شربت عناب ۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر پلائیں۔

### مصفی عجیب (پیٹنٹ دوا)

خون کی خرابی کی وجہ سے یا موسم کی تبدیلی کے وقت ہونے والے مہاسے، پھوڑے پھنسیاں، گرمی دانے، خارش، نکسیر پھوٹنا، دائمی قبض، خسرہ، پیشاب میں جلن اور طبیعت گری گری رہنا جیسی تکلیفوں میں مصفی عجیب ایک مفید دوا ہے۔

**ترکیب استعمال:** بڑوں کے لیے ۱۰ ملی لیٹر صبح و شام ایک کپ نیم گرم پانی میں ملا کر پلائیں۔ بچوں کو ان کی عمر کے مطابق چوتھائی سے آدھی خوراک تک دی جائے۔

Scanned by CamScanner

نوٹ: اس کے علاوہ اطریفل شاہترہ، معجون چوب چینی بھی مفید ہے۔

## خنازیر (کنٹھ مالا)

**LYMPHADENO-PATHY**

مصفی عجیب، معجون عشبہ، اطریفل شاہترہ، معجون چوب چینی، عرق عشبہ، عرق مرکب مصفی خون، امراض خنازیر میں مفید ہے۔

## مہاسے

**ACNE**

**مصفی عجیب** (پیٹنٹ دوا)

خون کی خرابی کی وجہ سے یا موسم کی تبدیلی کے وقت ہونے والے مہاسے، پھوڑے پھنسیاں، گرمی دانے، خارش، نکسیر پھوٹنا، دائمی قبض، خسرہ، پیشاب میں جلن اور طبیعت گری گری رہنا جیسی تکلیفوں میں مصفی عجیب ایک مفید دوا ہے۔

**ترکیب استعمال:** بڑوں کے لیے ١٠ ملی لیٹر صبح و شام ایک کپ نیم گرم پانی میں ملا کر پلائیں۔ بچوں کو ان کی عمر کے مطابق چوتھائی سے آدھی خوراک تک دی جائے۔

مذکورہ ادویات کے علاوہ مصفی خون ادویات خاص طور پر مصفی عجیب کا استعمال ضروری ہے۔

## بہق و برص (چھیپ و سفید داغ)

**PITYRIASIS AND VITILIGO**

**سفوف برص**

بدن کے سفید داغوں (برص) کے لیے مجرب دوا ہے اس کے استعمال سے سفید داغ جلد کا اصل رنگ قبول کر لیتے ہیں ہم نے نہیں سنا کہ دیسی یا ولائتی کوئی دوا برص کے مرض میں اس سے زیادہ کام یاب ہوئی ہے۔ یہ دوا کم سے کم چالیس روز تک استعمال کرنی چاہئے۔

**ترکیب استعمال:** ٥ گرام یہ سفوف ١٢٥ ملی لیٹر گرم پانی میں رات کو بھگو دیں اور صبح کو پانی نتھار کر پی لیں اور پھوک، سرکہ یا پانی میں پیس کر داغوں پر لیپ کر لیا کریں۔

## امراض خبیثہ

## (گندی جنسی بیماریاں)

**VENEREAL DISEASES (V.D.)**

### آبلہ فرنگ (آتشک)

**SYPHILIS**

مصفی خون ادویات مثلاً اطریفل شاہترہ، معجون عشبہ، معجون چوب چینی، عرق شاہترہ، عرق عشبہ، عرق مرکب مصفی خون اور مصفی عجیب مفید ادویات ہیں جن کا ذکر تفصیلی طور سے پچھلے صفحات میں ہو چکا ہے۔

### سوزاک (پیشاب کی نالی میں مواد پڑنا)

**GONORRHOEA**

**حب سوزاک**

سوزاک کے لئے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح، ایک دوپہر اور ایک شام کو ہمراہ شربت بزوری معتدل استعمال کریں۔



**سوزاکی** (پیٹنٹ دوا)

نئے و پرانے سوزاک میں مفید ہے، اس کے استعمال سے پیشاب کی جلن، سوزش، پیپ اور ریم کا آنا بہت جلد دور ہو جاتا ہے۔ سوزاک کے بعد اکثر لوگوں کو جس جریان کی شکایت ہو جاتی ہے وہ جریان نہیں ہونے پاتا۔

**ترکیب استعمال:** ١-١ گولی صبح و شام پانی یا شربت بزوری معتدل ٥٠ ملی لیٹر کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

**عرق راحت خاص** (پیٹنٹ دوا)

مہلک و دافع جراثیم یہ عرق پیشاب کی نالی میں موجود سوزاک کے جراثیم کو ہلاک کر کے پیشاب کی نالی کے زخم کو بھرتا ہے اور پیشاب کی نالی کی سوجن بھی دور کرتا ہے۔ اسکی دو تین ہی خوراکوں میں پیشاب کی نالی کی سوزش اور ورم میں نمایاں کمی آجاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ١٠-١٠ ملی لیٹر یہ عرق ١ گولی سوزاکی کے ہمراہ صبح، دوپہر و شام استعمال کریں۔

نوٹ:۔ مذکورہ ادویات کے علاوہ مصفی خون ادویات معجون عشبہ، معجون چوب چینی، اطریفل شاہترہ وغیرہ بھی مفید ادویات ہیں جن کا ذکر پچھلے صفحات میں موجود ہے۔

## امراض شعر (بالوں کی بیماریاں)

**DISEASES OF HAIR**

### بالوں کا گرنا و سفید ہونا

**FALLING AND GREYING OF HAIR**

**روغن آملہ**

بالوں کی جڑوں کو مضبوط بناتا اور ان کو گرنے سے بچاتا ہے۔ نیز بالوں کی سیاہی قائم رکھتا اور ان کو ملائم اور چمک دار بناتا ہے۔ سر کی خشکی دور کرنے اور دماغ کو تر و تازہ رکھنے میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** رات کو سونے سے پہلے بالوں میں اس تیل کی اچھی طرح سے مالش کریں اور صبح کو "گیسو دراز" ہیئر پاؤڈر سے سر دھوئیں۔

**روغن بیضہ مرغ**

جس جگہ بال نہ نکلتے ہوں، اس روغن کی عرصہ تک روزانہ مالش کرنے سے بال نکل آتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** جس جگہ بال نکالنا چاہیں وہاں اس کی روزانہ مالش کریں۔

**گیسو دراز (ہیئر پاؤڈر)** (پیٹنٹ دوا)

بالوں کو ملائم اور لمبا کرتا ہے اور بالوں کو خشکی سے محفوظ کرتا ہے اور صاف رکھتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو چمچے برابر (٢٥ گرام) گیسو دراز پاؤڈر ٢٥٠ ملی لیٹر پانی میں گھول لیں ١٠ منٹ بعد اس گھول کو بالوں پر آہستہ آہستہ ملیں، ١٥ منٹ بعد نیم گرم پانی سے کنگھا کرتے ہوئے بالوں کو دھو لیں۔ زیادہ بہتر نتائج کے لیے نہانے کے بعد "ہکس ریمیڈیز" کا بنا ہیئر ٹون آئل استعمال کریں۔

Scanned by CamScanner

**ھئیرٹون(ھئیر آئل)** (پیٹنٹ دوا)

ہیئرٹون (ہیئر آئل) آملہ شکاکائی گلاب کے پھول، بالچھڑ، صندل، رتن جوت اور تیرہ(١٣) دوسری دماغ کو غذا فراہم کرنے والی جڑی بوٹیوں سے روغن کنجد میں تیار کیا گیا ہے۔"ہیئرٹون" بالوں کو غذا پہنچاتا اور انہیں بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

"ہیئرٹون" دماغی کام کرنے والوں کے لیے بہترین ٹانک ہے، یہ گہری اور پرسکون نیند لاتا ہے، ہیئرٹون کے لگاتار استعمال سے بال تندرست، لمبے، گھنے، سیاہ اور ریشم کی مانند ملائم رہتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ رات کو یا نہانے کے بعد"ہیئرٹون"ہیئر ٹانک بالوں پر ہلکے ہلکے ملیں۔زیادہ بہتر نتائج کے لیے بالوں کو"ریکس ریمیڈیز" کے تیار کردہ "گیسودراز" پاؤڈر سے دھوئیں، بالوں کو دھونے کے لئے کوئی تیز یا معمولی صابن نہ آزمائیں۔"ہیئرٹون"ہیئر ٹانک میں کوئی دوسرا تیل کبھی نہ ملائیں، نہانے کے بعد، "ہیئرٹون" لگانے سے پہلے بالوں کو تولیے سے اچھی طرح خشک کرلیں۔

**بال خورہ(بالوں کا چکتہ کی شکل میں غائب ہونا)**

**ALOPECIA ERATA**

**ریکس روغن زراریح** (پیٹنٹ دوا)

مرض بال خورہ (جس میں سر، داڑھی و مونچھ کے بال گر کر چکنے چکتے پیدا ہوجاتے ہیں) میں نہایت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** مقام مرض پر روئی کی پھریری سے لگائیں۔

**بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا**

**PREMATURE GREYING OF HAIR**

بالوں کے قبل از وقت سفید ہونے کی صورت میں اطریفل اسطوخودوس، گیسودراز پاؤڈر، ہیئرٹون ٹانک، جوارش جالینوس، روغن آملہ اور روغن بیضہ مرغ کا استعمال مفید ہے۔

**حمیات (بخار وملیریا)**

**FEVER AND MALARIA**

**حب بخار**

موسمی بخاروں کے لیے مفید ہے۔تپ لرزہ کی باری اس سے رک جاتی ہے۔اگر بخار کے موسم میں احتیاطاً اس کا استعمال کیا جائے تو انسان بخار سے بچا رہتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک یا دو گولی بمطابق عمر صبح، دوپہر اور شام پانی سے استعمال کریں۔ شدت بخار کے وقت اس کو نہ دیں۔اگر اس کو تحفظ کے طور پر استعمال کرنا چاہیں تو ا گولی بعد طعام کھالیا کریں۔

**عرق اجوائن**

بھوک لگاتا ہے۔ریاح کو خارج کرتا ہے۔بلغمی بخاروں میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ٦٠ ملی لیٹر یہ عرق صبح و شام پئیں۔

**عرق منڈی**

خون کو صاف کرتا ہے۔بینائی کو قوت دیتا ہے، اعضائے رئیسہ اور ارواح کو طاقت دیتا ہے۔



**ترکیب استعمال:** ٢٥ ملی لیٹر یہ عرق، شربت عناب ٢٥ ملی لیٹر میں ملا کر پلائیں۔

**عرق نیلوفر**

گرمی کو تسکین دیتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ٦٠ ملی لیٹر یہ عرق، شربت نیلوفر ٢٥ ملی لیٹر میں ملا کر پئیں۔

**میلورین** (پیٹنٹ دوا)

ملیریا بخار، دواؤں کا اثر نہ قبول کرنے والا ملیریا بخار، جسمانی درد اور معیادی بخار میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ١٥ ملی لیٹر دن میں تین دفعہ (صبح، دوپہر، شام) استعمال کرائیں۔

**سکنجبین بزوری**

صفراوی بخاروں میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ٢٥ ملی لیٹر سے ٥٠ ملی لیٹر تک عرق بادیان ١٢٥ ملی لیٹر یا پانی میں ملا کر پئیں۔

**متلی و بخار**

**سکنجبین لیمونی**

متلی اور قے کو روکتی ہے، صفراوی بخاروں میں بخار کی حرارت کو گھٹاتی اور پیاس بجھاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ٢٥ ملی لیٹر عرق گاؤزبان ١٢٥ ملی لیٹر یا سادہ پانی میں ملا کر پئیں۔

**موتی جھرا و خسرہ**

**THYPHOID & MEASLES**

خمیرہ مروارید، حیاتین، کشتہ گئودنتی، کشتہ مرجان اور کشتہ مروارید کا استعمال مفید ہے۔

**امراض اطفال (بچوں کے امراض)**

**DISEASES OF CHILDREN**

**بدہضمی و قبض**

**INDIGESTION & CONSTIPATION**

**ریکس بے بی ٹانک** (پیٹنٹ دوا)

ریکس بے بی ٹانک کے استعمال سے بچے صحت مند اور تندرست رہتے ہیں۔یہ بچوں کے جسم میں کیلشیم کی کمی کو پورا کرکے ہڈیوں کو مضبوط بناتا ہے۔ عام جسمانی کمزوری، قبض، بدہضمی، دودھ ڈالنے میں مفید ہے۔بھوک میں اضافہ کرتا ہے۔دانت نکالنے میں معاونت کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ٣/١ تا دو چائے چمچ بلحاظ عمر صبح و شام پلائیں۔

**ریکس جنم گھٹی** (پیٹنٹ دوا)

ریکس جنم گھٹی کے استعمال سے بچے عام بیماریوں کی تکالیف سے محفوظ رہتے ہیں۔وہ تندرست اور صحت مند رہتے ہیں۔بچوں کو نزلہ، زکام، کھانسی، یا موسمی بخار، بدہضمی، اپھارہ اور دست، قے، دودھ ڈالنا اور قبض وغیرہ کی تکالیف میں فائدہ پہنچاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** مفصل ترکیب دوا کے ہمراہ ہے۔

**ریکس گرائپ واٹر** (پیٹنٹ دوا)

جڑی بوٹیوں سے تیار شدہ بچوں کے لئے خوش ذائقہ گھریلو دوا ہے۔جو بچوں کی روزمرہ کی تکالیف و دانت نکلنے کے عوارضات مثلاً دست، قے، پیٹ ...

Scanned by CamScanner

پیاس کی شدت نیز جسمانی کمزوری، قبض، بدہضمی میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳/۱ تا دو چائے کا چمچہ بلحاظ عمر صبح وشام پلائیں۔

## ام الصبیان

## INFANTILE EPILEPSY

**خمیرہ مروارید**

یہ سچے موتیوں کا قیمتی مرکب ہے، نہایت عمدہ مفرح ہے، مرکز حرارت کو اعتدال پر لاتا ہے۔ دل کی حرکت کے فعل کو درست کر کے خفقان اور گھبراہٹ میں تسکین دیتا ہے۔ موتی جھرہ اور چیچک کے بخار میں دل کو قوت اور حرارت غریزی کی حفاظت کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** بچوں کو ان کی عمر کے مطابق ایک گرام سے لے کر ۳ گرام تک اور بڑی عمروں والوں کو ۶ گرام صبح اور شام پانی سے یا جیسے معالج ہدایت کرے استعمال کیا جائے۔

**حب صرع**

مرگی وام الصبیان کی کامیاب دوا ہے۔ مرگی کے دوروں کی شدت کو رفتہ رفتہ کم کر کے مرض کا ازالہ کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو گولیاں صبح وشام خمیرہ گاؤزبان عنبری جدوار عود صلیب والا ۵ گرام کے ساتھ استعمال کرائیں۔ بچوں کو ۱/۲ تا ۱ گولی ماں کے دودھ میں گھس کر پلائیں۔

## عام جسمانی کمزوری

## GENERAL DEBILITY

**ریکس کی دماغی** (پیٹنٹ دوا)

آنولہ، بادام، کاجو، برہمی بوٹی، کھجور جیسی بارہ جڑی بوٹیوں اور میوؤں سے تیار، دماغ و نگاہ کو طاقت پہنچا کر قوت حافظہ / یادداشت کو تیز کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ہر صبح ناشتہ میں ۲۰ گرام یا چائے کے دو چمچے۔

**ریکسوٹون** (پیٹنٹ دوا)

ریکسوٹون ایک صحت بخش جڑی بوٹیوں سے بھرپور نادر مرکب ہے، اس میں موجود مقوی اجزاء کو جسم قدرتی طور پر قبول کرتا ہے، اس کے استعمال سے ہاضمہ چست و درست رہتا ہے، بھوک میں اضافہ ہوتا ہے، تغذیہ کے نقائص دور ہوتے ہیں اور کام کرنے کی قوت اور طاقت بحال رہتی ہے، قوت مدافعت کو بڑھاتا ہے اور طویل بیماری اور آپریشن کے بعد کمزوری کو دور کرتا ہے، جسمانی اور دماغی محنت کرنے والے افراد کے لیے مفید ہے۔ معدہ اور جگر کے افعال کو درست کر کے خون صالح پیدا کرتا ہے، دودھ پلانے والی حاملہ عورتوں کے لیے مفید ہے، رحم مادر میں پلنے والے بچے کے لیے بھی غذائیت فراہم کرتا ہے۔ بچوں کی بہتر و مناسب نشوونما میں معاون ہو کر جسم کو صحت مند اور تندرست رکھتا ہے۔ عام جسمانی اور دماغی تھکان کو دور کر کے جوش و ولولہ پیدا کرتا ہے۔ ریکسوٹون ہر



موسم میں استعمال کیا جانے والا ہر عمر کے نہ صرف لاغر اور مریض افراد بلکہ معمولاً صحت مند افراد کے لیے بھی ایک مکمل ٹانک ہے۔

**ترکیب استعمال:** بڑوں کے لیے ۲۰ ملی لیٹر ناشتے سے پہلے اور شام کے کھانے سے پہلے، بچوں کے لیے ۱۰ ملی لیٹر ناشتے سے پہلے اور شام کے کھانے سے پہلے۔

**حب جواہر**

اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے، حرارت غریزی کی حفاظت کرتی ہے، بیماری کے بعد جو کمزوری باقی رہ جاتی ہے اسے دور کرتی ہے، اس کے استعمال سے دماغ کے حسی و حرکتی اور ذہنی حصے قوی ہو جاتے ہیں اور دماغ کے خاکی مادے کے افعال میں ترقی ہوتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام دواء المسک معتدل جواہر پانچ گرام کے ساتھ دودھ سے استعمال کرائیں۔

**حب خاص** (پیٹنٹ دوا)

دل و دماغ، جگر، و معدے کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ نظام اعصاب وقوت مردانہ پر اچھا اثر ڈالتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح وشام دودھ یا پانی سے استعمال کریں۔

**ریکس ہیلتھ ٹانک** (پیٹنٹ دوا)

ریکس ہیلتھ ٹانک مردوں، عورتوں، بچوں اور بوڑھوں کے لیے ایک مکمل جنرل ٹانک ہے جو کیمیاوی اجزاء سے قطعی پاک ہے اور جس میں انسان کے جسم کے لیے ضروری وٹامنز، پروٹین و دیگر مقوی اجزاء موجود ہیں۔ یہ جسمانی تھکاوٹ، سستی اور کاہلی دور کر کے جسم میں چستی و توانائی پیدا کرتا ہے۔ نظام ہاضمہ کو چست و درست کر کے بھوک میں اضافہ کرتا ہے۔ جگر و آنتوں کے افعال کو درست کر کے خون صالح پیدا کرتا ہے۔ قوت مدافعت کو بڑھاتا ہے۔ ایام حمل و رضاعت میں عورتوں کی کمزوری کو دور کر کے جسم کو غذا فراہم کرتا ہے۔ بیماری کے بعد کی کمزوری اور دوسری جسمانی و دماغی کمزوریوں میں ہر عمر کے افراد کے لیے یکساں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** بڑوں کے لیے ۲۰ ملی لیٹر، بچوں کے لیے ۵ سے ۱۰ ملی لیٹر کھانے کے بعد دونوں وقت دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

**عرق ماء اللحم خاص**

دماغ اور اعصاب کو تسکین دیتا ہے جگر اور معدے پر محرک اثر ڈالتا ہے، بھوک بڑھاتا ہے، غذا اچھی طرح ہضم کر کے جزو بدن بناتا ہے، حلق سے اترتے ہی جسم میں تندرستی اور جوانی کی لہر پیدا کر دیتا ہے، اور رفتہ رفتہ تمام کمزوریاں دور کر کے بے کیف اور بدمزہ زندگی پر کیف اور پرلطف بناتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۳۰ تا ۵۰ ملی لیٹر لبوب کبیر ۶ گرام کے ساتھ رات کو استعمال کرائیں۔

**قرص / کشتہ طلاء**

عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ معدے اور جگر کو طاقت دیتا اور تولید خون کو زیادہ کرتا ہے۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی اعصاب کشتہ ہے۔

Scanned by CamScanner

**ترکیب استعمال:** یہ کشتہ ۳۰ ملی گرام یا ارگولی دواء المسک معتدل جواہر والی ۵ گرام یا لبوب کبیر ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔ اوپر سے دودھ پئیں۔

### قرص / کشتہ نقرہ

اعضاء رئیسہ (دل، دماغ، جگر) کو طاقت دیتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ جریان و کثرت احتلام میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح ۳۰ ملی گرام یا ۲ قرص یہ کشتہ خمیرہ گاؤ زبان عنبری جواہر والا ۵ گرام یا لبوب کبیر ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

### شربت فولاد (پیٹنٹ دوا)

عام جسمانی کمزوری دور کرنے کے لیے بے حد مفید ہے۔ کچھ بیماریوں کی وجہ سے خون میں پتلا پن اور سرخی میں کمی آجاتی ہے۔ جس کی وجہ سے خون میں فولاد کے ایک جز حمرۃ الدم (ہیموگلوبن) کی کمی ہوتی ہے۔ اس شربت کے استعمال سے حمرۃ الدم کی کمی دور ہوکر خون میں سرخی اور گاڑھا پن پیدا ہوتا ہے۔ چہرے کو سرخ بناتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۵ تا ۱۰ ملی لیٹر شربت، کھانے کے بعد استعمال کریں۔

## عام گھریلو ادویات

### ورموریکس (پیٹنٹ دوا)

"ریکس ریمیڈیز" کی تیار کردہ خاص دوا ہے جو ہر قسم کے ورم کو تحلیل کرتی اور درد کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** دوا کے ساتھ۔

# رفیق حیات

## (پیٹنٹ دوا)

روز مرہ کی مختلف تکلیفوں کو دور کرنے کی آزمودہ اور کامیاب دوا ہے۔ بوقت ضرورت ہنگامی حالات میں پیش آنے والے امراض مثلاً چوٹ، موچ، سوجن، کیڑے مکوڑے کا کاٹنا، ڈنک مارنا، درد سر، کان و دانت نیز پیٹ درد و بدہضمی، جوڑوں کے درد، دست، متلی و قے میں کار آمد ہے۔ ہیضہ میں "رفیق حیات" حفاظتی طور پر استعمال کرائی جاسکتی ہے۔

## ترکیب استعمال

**سر درد:** تھوڑی سی دوا لے کر پیشانی پر ہلکے ہاتھ سے مالش کریں۔

**جوڑوں کے درد:** مقام ماؤف پر ملیں۔

**ڈاڑھ کا درد:** ۱۵۔۱۵ منٹ کے وقفے سے ۳ بار درد کے مقام پر روئی کی پھریری سے لگائیں۔

**کان کا درد:** ایک قطرہ چار قطرے سرسوں کے تیل میں ملا کر کان میں ٹپکائیں۔

**ضعف معدہ:** ۳ قطرے عرق بادیان، عرق اجوائن، عرق پودینہ میں ملا کر پلائیں۔


**دست، پیٹ درد، بدھضمی ریاح وغیرہ:** ۳ قطرے عرق بادیان، عرق الائچی، عرق پودینہ میں ملا کر پلائیں۔

**متلی وقے:** ۲۰ ملی لیٹر شربت انار شیریں میں ۲ قطرے ڈال کر پلائیں۔ نزلہ: ناک پر ملیں۔

**کیڑے مکوڑے کا کاٹنا:** مقام ماؤف پر لگائیں۔

**ہیضہ** کی شروعات میں ۳ قطرے عرق پودینہ میں ملا کر پلائیں۔



75% خواتین کی بیماری لیکوریا کی خاص دوا
صحت مند زندگی کی ضامن
آپکی خوشیوں کا خزانہ


استعمال کیجئے
لیکوریکس
اور پوشیدہ حصے کی خارش و رطوبت کا نکلنا،
پیروں اور کمر کے درد، طبیعت میں گراوٹ اور اکتاہٹ سے چھٹکارا پایئے
اور اپنی زندگی کو خوشگوار بنایئے
یاد رکھئے! ایک صحت مند عورت ہی صحت مند معاشرے کی ضامن ہے

نئے پرانے سوزاک میں بے حد مفید
سوزاکی
SUZAKI


آجکل کے اکثر نوجوانوں کی خطرناک بیماری سوزاک یعنی پیشاب کی نالی میں زخم یا جلن، پیپ کا آنا اور جریان کی شکایت میں بیحد مفید ریکس ریمیڈیز کی تیار کردہ دوا

ذیابیطس کے مریضوں کے لئے بے نظیر تحفہ
شکرینو

ذیابیطس (شوگر) ایک خطرناک مرض ہے جو مریض کو کھوکھلا کردیتی ہے اس کے دواؤں سے علاج اور غذائی پرہیز بہت ضروری ہے، شکرینو ریکس ریمیڈیز کی جدید تحقیقات کی روشنی میں تیار کردہ ایک کامیاب دوا ہے جس کے مستقل استعمال سے مریض کو حیرت انگیز فائدہ ہوتا ہے۔
آج ہی اپنے طبیب کے مشورہ سے استعمال شروع کریں۔

کثرت احتلام و جریان سے پریشان لوگوں کیلئے انتہائی مفید
جریانی


احتلام کی شکایت کو فوراً دور کرتی ہے
وہ نوجوان جو بچپن کی غلط عادات، خلاف فطری افعال یا کثرت مجامعت کی وجہ سے انسانی قوتوں کو فنا کردینے والی بیماری کثرت احتلام اور جریان میں مبتلا ہوجاتے ہیں انکے لئے جریانی ایسی مسکن دوا ہے جو ان امراض کو بہت جلد دور کردیتی ہے۔

Scanned by CamScanner


دماغی وجسمانی کام کرنے والوں کیلئے ریکس کا تحفہ
خوش ذائقہ، خوش رنگ، خوشبو دار، صحت بخش،
آنولہ، بادام، کاجو، برہمی بوٹی کھجور جیسی
بارہ جڑی بوٹیوں اور میووں سے تیار،
Product of G.M.P. Certified Co.
ریکس کی دماغی
REX'S DIMAGHI
BRAIN TONIC
ایک مکمل دماغی وجسمانی ٹانک
دل، دماغ ونگاہ کو طاقت پہنچا کر
قوت حافظہ / یادداشت کو تیز کرتی
اور دن بھر ترو تازہ رکھتی ہے۔
ہوشیار
”ریکس کی دماغی“ دیکھکر ہی خریدیں۔
تیار کردہ
پرائیویٹ لمیٹیڈ دہلی


❑ 100% Pure ❑ Effective ❑ Nutritious
ریکس کا
روغن بادام شیرین
ROGHAN BADAM SHIRIN
دماغ کو طاقت دیتا ہے اور اس میں تراوٹ پیدا کرتا ہے۔
نیند لاتا ہے، قبض کو دور کرتا ہے اور
بدن میں قوت پیدا کرتا ہے۔
پین ریکس
چوٹ۔ موچ۔ سر درد۔
بدن اور جوڑوں کے درد میں
فوراً آرام پہنچائے۔
Painrex
REX
G.M.P.
پٹھوں، ٹانگوں، کمر، بازو اور ہوا کے درد میں انتہائی مفید
قرص سیفرن
اعلیٰ قسم کی زعفران سے تیار
ہائی بلڈ پریشر میں بھی فائدہ مند




Scanned by CamScanner